www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | منگل 2 رجب 1447ھ 23 دسمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 169

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

حکومت نے ڈیجیٹل پلیٹ فارم زرخیزی کا آغاز کر دیا، کسان 10 لاکھ روپے تک قرضہ حاصل کرسکیں گے

75 فیصد حصہ زرعی سامان کی خریداری کے لیے بینکوں کے منظور شدہ زرعی وینڈرز کے ذریعے اشیا کی صورت میں فراہم کیا جائیگا، اقدام دیہی ترقی اور قومی غذائی تحفظ کیلئے کارگر ثابت ہوگا، وزیرخزانہ

زرخیزی ایپ چھوٹے کسانوں کی فنانس تک رسائی بہتر بنانے کی جانب اہم قدم ہے، قرضہ حاصل کرنے کا عمل ڈیجیٹل بنا کر ہم چھوٹے کسانوں کے لیے رکاوٹیں ختم کر رہے ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (زاہد احمد خان) حکومت پاکستان کے فنانس ڈویژن نے اسٹیٹ بینک اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن (پی بی اے) کے اشتراک سے زرعی فنانسنگ میں انقلاب لانے کیلئے تیار کردہ ایک جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم زرخیزی کا آغاز کر دیا ہے، اس اقدام کا مقصد زرعی فنانس کو ڈیجیٹل بنانا ہے تاکہ کسان زرخیزی ایپ کے ذریعے ڈیجیٹل طور پر درخواست دے سکیں اور دس لاکھ روپے تک کا قرضہ حاصل کر......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

آصف زرداری کی بغداد میں زیارات مقدسہ پر حاضری

صدر مملکت نے مسلم امہ کے لیے امن، اتحاد اور سلامتی کی دعا کی

بغداد (م ڈ) صدر آصف علی زرداری نے بغداد میں زیارات مقدسہ پر حاضری دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار پر فاتحہ خوانی......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی نجکاری کے لیے بولی آج ہوگی

دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں کو کمیشن نے بولی کے عمل کی باضابطہ دعوت دے دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی آئی اے کی نجکاری کے لیے بولی (آج) منگل 23 دسمبر کو لگائی جائے گی جس کے لیے انتظامات آخری مراحل میں داخل ہوگئے۔ پی آئی اے کی نجکاری میں دلچسپی......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

27ویں آئینی ترمیم میں عدلیہ پر قدغن لگائی گئی، مفتی تقی عثمانی

آئین کے تقاضے کے مطابق وفاقی شرعی عدالت میں علما کا تقرر کیا جائے، اجتماع سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) ممتاز عالم دین مفتی تقی عثمانی نے کہا ہے کہ ہم اس بات کے خلاف ہیں کہ ریاست کے خلاف شیخ جدوجہد ہو، 1973 کے آئین میں اسلام کو پاکستان کا سرکاری......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

سرحد کی بندش، افغانستان میں خوردنی اشیا کی قیمتوں میں اضافہ

چاول 700، آٹے کی بوری کی قیمت میں 400 افغانی کا اضافہ ہو

کابل (م ڈ) پاکستان کے ساتھ سرحدوں کی بندش کے باعث افغانستان کے صوبہ پروان میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ افغان میڈیا نے مقامی باشندوں اور دکانداروں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ ہفتوں کے دوران بنیادی غذائی اشیا کی قیمتوں میں......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

دکلو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنے والد میر غلام قادر بگٹی کی قبر پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بھارت کیساتھ کشیدگی، بنگلادیش نے نئی دہلی میں قونصلر اور ویزا خدمات معطل کر دیں

یہ اقدام اس واقعے کے 2 دن بعد سامنے آیا جب کچھ لوگوں نے نئی دہلی میں بنگلادیش مشن کے باہر احتجاج کیا تھا

گزشتہ روز چٹاگانگ میں انڈین ویزا ایپلیکیشن سینٹر نے بھی سیکیورٹی صورتحال کے باعث سرگرمیاں معطل کر دی تھیں

ڈھاکا (م ڈ) بنگلادیش نے بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں بنگلادیش ہائی کمیشن کی قونصلر اور ویزا خدمات معطل کر دیں۔ نئی دہلی میں قائم بنگلادیش ہائی کمیشن نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر تمام قونصلر اور ویزا خدمات تاحکم ثانی معطل کر دی ہیں۔ ہائی کمیشن کی جانب سے نوٹس بورڈ پر جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ناگزیر حالات کے باعث یہ خدمات عارضی طور پر بند کی جا رہی ہیں۔ بنگلادیشی میڈیا......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل اور سعودی وزیر دفاع کی ملاقات، انسداد دہشتگردی تعاون پر اتفاق

چیف آف ڈیفنس فورسز کو مملکت سعودی عرب کے اعلیٰ ترین قومی اعزاز کنگ عبدالعزیز میڈل سے نوازا گیا

اعزاز پر خادم حرمین شریفین اور سعودی قیادت کا شکریہ، دوطرفہ مضبوط اور پائیدار تعلقات کی علامت قرار

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان سے ملاقات کی جس میں علاقائی امن اور انسداد دہشت گردی تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سعودی عرب......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سعودی وزیر دفاع سے ملاقات کر رہے ہیں چھوٹی تصویر میں اعلیٰ اعزاز عطا کیا جا رہا ہے

وزیراعظم شہباز شریف کا ایشیا کپ جیتنے والی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی موجود ہیں

پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی کامیابی، امریکہ نے بھارت کی فوقیت ختم کر دی، واشنگٹن ٹائمز

پاکستان ناپسندیدہ ریاست سے شراکت دار ملک بن گیا، ٹرمپ کی جنوبی ایشیا پالیسی میں پاکستان کو مرکزی ستون قرار دیا جا رہا ہے

2025 میں واشنگٹن کا ''انڈیا فرسٹ'' دور ختم ہوا اور پاکستان کو فوقیت حاصل رہی، امریکی پالیسی شفٹ کی بنیاد مئی کی پاک بھارت جنگ بنی، پاکستان کی ملٹری کارکردگی نے ٹرمپ کو حیران کر دیا

فیلڈ مارشل عاصم منیر امریکی صدر کے اِنر سرکل کے اسٹار بن کر ابھرے، ٹرمپ عاصم تعلق کو ہاف جوکنگ ''برومانس'' کہا گیا، پاکستان کی ملٹری ماڈرنائزیشن کو نئی عالمی اہمیت ملی، امریکی جریدہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف امریکی جریدے واشنگٹن ٹائمز کے آرٹیکل میں پاکستان کی اہمیت کا اعتراف کرتے ہوئے 2025 پاک امریکا تعلقات......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی میں معمولی تکرار پر فائرنگ 3 سگے بھائی جاں بحق

مقتولین میں بابو علم خان، ہیبرگ خان، ذوالقرنین ولد دینار خان شامل

فائرنگ سے دوسرے فریق کا سہیل احمد بھی چل بسا، مقدمہ درج کرلیا گیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی کلی قادر آباد میں معمولی تکرار کے نتیجے میں فائرنگ سے 3 سگے بھائیوں سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ نوشکی کلی قادر آباد میں خالی دکان کو کرایہ پر اٹھانے پر تکرار کے باعث فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ واقعہ کے بعد لواحقین نے......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما سمیت 4 افراد کا قتل، 12 ملزمان کو عمر قید کی سزا

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے 3 ملزمان کو عدم شواہد پر باعزت بری کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما راجا ناصر حنیف سمیت 4 افراد کے قتل کیس میں 12 ملزمان کو......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی ترقی زراعت کے شعبوں کو مضبوط بنانے سے مشروط ہے، جعفر مندوخیل

حکومت تاجروں کے مسائل کا پائیدار حل ڈھونڈنے اور تجارت کے فروغ کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

گورنر بلوچستان سے وفد کی ملاقات پاک افغان بارڈر پر آباد تاجر برادری اور چمن کے عوام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ معاشی نظام کی ترقی اور قومی پیداوار میں اضافہ کا......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی فورسز کی بڑی کارروائی، 179 افغان شہری گرفتار

دالبندین (نامہ نگار) پاکستانی سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ، پلوں کی تعمیر سے متعلق رپورٹ طلب

سبزی و پھل فروش گاڑیوں کیلئے مخصوص مقامات کا پلان پیش کرنے کا حکم

کرسس کے پیش نظر تعمیراتی کام کو جلد مکمل کرنے کی استدعا عدالت میں پیش

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈوکیٹ سید نذیر احمد آغا کی جانب سے دائر آئینی درخواست بنام چیف سیکرٹری حکومت بلوچستان و دیگر کی سماعت کی۔ سماعت......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

انڈر 19 ٹیم کے ہر کھلاڑی کیلئے 1،1 کروڑ روپے کا اعلان

ٹیم کے اعزاز میں استقبالیہ، شہباز شریف نے تمام کھلاڑیوں کا خود استقبال کیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے بھارت کے خلاف فائنل میں کامیابی پر قومی انڈر 19 ٹیم کے ہر کھلاڑی کے لیے 1،1 کروڑ روپے......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کی بات کرنیوالے بانی کے ساتھی نہیں، علیمہ خان

ہمارے خلاف پولیس والوں کو لاکر گواہی کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ جو پارٹی لیڈر مذاکرات کی بات کرتے ہیں وہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھی نہیں، تحریک تحفظ......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کچے میں آپریشن، خطرناک ملزمان سمیت 16 ڈاکو مارے گئے

9 ہلاکتوں کی تصدیق، 7 ڈاکوؤں کی لاشیں تلاش کی جا رہی ہیں، ایس ایس پی انور کھتران

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ پولیس اور رینجرز کے مشترکہ آپریشن میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی، آپریشن میں خطرناک ڈاکوؤں سمیت 16 ڈاکو مارے گئے ہیں......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور سے کروڑوں روپے کی منشیات تربت سمگل کرنیکی کوشش ناکام

اسلام آباد (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کامیاب کارروائی میں پنجگور سے تربت منشیات کی بڑی سمگلنگ......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فضل الرحمان کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری سے نوازا گیا

پشاور (م ڈ) امیر جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان (rehmanfazalmolana) کو ڈاکٹریٹ کی......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

موسم اور محدود وقت، بلدیاتی الیکشن ملتوی کیا جائے، شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ تمام محکموں کے ملازمین کو بروقت تنخواہ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

2025 امن وامان حوالے سے مشکل سال ثابت ہوا

کوئٹہ (یو این اے) سال 2025 بلوچستان کے لیے امن وامان کے حوالے سے ایک اور مشکل سال ثابت ہوا......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے رہنما، بسم اللہ خان کاکڑ انتقال کر گئے

تدفین آج ہوگی، گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا اظہار افسوس

میرزئی اڈہ (نامہ نگار) پاکستان کے معروف سیاستدان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، بسم اللہ خان کاکڑ طویل علالت......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پیرامیڈیکس آج کے احتجاج میں بھرپور حصہ لیں گے، شفاء مینگل

ایاز کاکڑ کی سربراہی میں ملنے والے وفد کو صوبائی صدر کی تعاون کی یقین دہانی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری و صوبائی فنانس سیکرٹری ایاز کاکڑ کی سربراہی میں کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے سینئر ممبران کے ہمراہ حاجی محمد حنیف کاکڑ فائز احمد محمد حسنی جمیل احمد محمود لالا عزیز احمد محمد عارف عبداللہ ماما اللہ نور کاکڑ امان اللہ اور دیگر پیرامیڈیکس کے ساتھ پاکستان پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی شفاء مینگل سے صوبائی آفس سول ہسپتال میں ملاقات کی اور 23 دسمبر کو ہونے والے احتجاجی مظاہرے کے حوالے سے کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے ممبران کی بھرپور شمولیت کے حوالے سے یقین دہانی بھی کروائی اور صوبائی صدر حاجی شفاء مینگل کو یہ یقین دلایا کہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے پیرامیڈیکس کل کے احتجاجی مظاہرے میں صف اول کا کردار ادا کرے گا جس پر صوبائی صدر نے تمام دوستوں کا شکریہ بھی ادا کیا اور آخر میں کوئٹہ ڈسٹرکٹ پیرامیڈیکس خاص کر ڈیسمنیٹر کے مسائل سے بھی آگاہ کیا جس پر حاجی شفاء مینگل نے ہر قسم کے تعاون کا یقین دہانی بھی کروائی۔

صفائی نہ ہونے سے پشین اسٹاپ گندگی کا ڈھیر بن چکا ہے، عبدالرازق

ہلکی بارش کے بعد کیچڑ سڑکوں پر پھیلنے سے پیدل چلنا مشکل ہوگیا، فیض اللہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں ابتر صفائی صورتحال، صفا پروجیکٹ حکام کی عدم توجہی کے باعث شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا ہے، پشین اسٹاپ مین روڈ پر کیچڑ اور پانی کی وجہ سے کوئی لوگ پھسل کر گر رہے ہیں اور چھوٹی موٹی حادثات بھی اضافہ ہوا ہے، شہری عبدالرازق، فیض اللہ، سیف اللہ و دیگر نے بتایا ہے کہ مین پشین اسٹاپ پر جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر نے عوام کو ذہنی مریض بنا دیا ہے، نہ صرف گندگی کے ڈھیر بلکہ مین سڑک پر گزشتہ روز بارش کے بعد سے کیچڑ جمع ہوا ہے صفائی نہ ہونے کی وجہ سے کیچڑ سڑکوں پر پھیل رہا ہے کیچڑ پھیلنے کی وجہ سے بدبو میں بھی اضافہ ہو رہا ہے لہذا ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمان قمبرانی سے اپیل ہے کہ فوری طور پر اس سڑک کا خود دورہ کر کے متعلقہ حکام کو ہدایت کرے تاکہ وہ معروف ترین شاہراہ پشین اسٹاپ پر روزانہ کی بنیاد پر صفائی کا انتظام ٹھیک کیا جائے۔ بصورت دیگر یہاں کے تاجر برادری، مکین اور شہری احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

کوئٹہ، اختر محمد روڈ پر مال مسٹریٹ کے، باشی اپنے بچوں کے ہمراہ پریس کلب کے سامنے حکومت سے مدد کی اپیل کر رہا ہے

جمعیت طلبا پوری انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، حافظ حبیب الرحمٰن

انسانیت کی خدمت دین اسلام کی بنیادی تعلیم کا حصہ ہے، جنرل سیکرٹری حافظ عابد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ محمد قیصر خان حافظ محمد موسیٰ محمد نعیم حیدری عبدالقادر رودینی محمد امین بھنگر حافظ سعید ربانی نیک محمد ولی نعمت اللہ مبشر رحمت اللہ سلیمانخیل سلطان ایوبی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ جمعیت طلباء اسلام ایک ایسی طلبہ تنظیم ہے جو بغیر کسی فرق کے پوری انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے ہمارا مقصد صرف طلبہ مسائل تک محدود نہیں بلکہ ہر اس انسان کے ساتھ کھڑا ہونا ہے جو مشکل میں ہو چاہے اس کا تعلق کسی بھی مذہب مسلک یا علاقے سے ہو جمعیت طلباء اسلام سمجھتی ہے کہ انسانیت کی خدمت دین اسلام کی بنیادی تعلیم ہے اسی سوچ کے تحت ہم تعلیمی رہنمائی فلاحی کاموں اخلاقی تربیت اور سماجی شعور بیدار کرنے کے لیے مسلسل کوشش کرتے رہتے ہیں قدرتی آفات ہوں یا معاشرتی مسائل تنظیم ہمیشہ خدمت کے میدان میں موجود رہتی ہے۔

بلوچستان بھر میں موسم خشک اور سرد رہنے کا امکان ہے، موسمیاتی مرکز

قلات، کوئٹہ، مستونگ، زیارت میں درجہ حرارت صفر ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق صوبے بھر میں اس ہفتے کے دوران موسم خشک اور سرد رہنے کا امکان ہے، جبکہ بعض علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی نیچے گر سکتا ہے۔ محکمے کی جاری کردہ موسمی ایڈوائزری کے مطابق قلات، کوئٹہ، مستونگ، سوراب، قلعہ عبداللہ، پشین، قلعہ سیف اللہ اور زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت صفر ڈگری سینٹی گریڈ سے نیچے جانے کا امکان ہے۔ پیر کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے، تاہم ضلع ژوب میں تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ رات کے وقت درجہ حرارت میں 3 سے 5 ڈگری سینٹی گریڈ تک کمی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ منگل کو زیادہ تر اضلاع میں موسم خشک اور سرد رہے گا، جبکہ قلات، کوئٹہ، پشین اور قلعہ عبداللہ میں رات اور صبح کے اوقات میں شدید سردی پڑنے کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران زیارت، مسلم باغ، پشین، چمن اور لورالائی میں 0.25 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ سب سے کم درجہ حرارت قلات میں منفی ایک (-01) ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی، عبدالغیاث، محمد حسین شاہ، محمد حسن شاہ، مولوی عبدالرحیم آغا و دیگر سردار محمد کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ میں شریک ہیں

تمام سنگل شفٹ لیبر رومز کو 24 گھنٹے فعال کیا جائے، ڈاکٹر ایم پی رلجہ

ماں و بچے کی صحت کو لاحق خطرات کم کرنے کیلئے لیبارٹریاں فعال کی جائیں، سی ای او

کوئٹہ (آن لائن) پی پی ایچ آئی بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ایم پی رلجہ دھاریجو نے پی پی ایچ آئی کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس 19 تا 21 دسمبر تک پی پی ایچ آئی کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوا، جس میں صوبے کے تمام ڈسٹرکٹ منیجرز اور ہیڈ آفس کے آفیسران شریک ہوئے۔ اجلاس کے شرکاء نے بلوچستان میں صحت کی بنیادی سہولیات کی بہتری، انسانی وسائل کی بحالی، ڈیٹا کے معیار کی بہتری اور جاری طبی خدمات کے دائرہ کار وسعت دینے کے حوالے سے تمام امور کا تفصیل سے جائزہ لیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ سی ای او پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر دھاریجو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو انصاف اور برابری کے اصول کے تحت بہتر بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ تمام سنگل شفٹ لیبر رومز کو 24/7 فعال کیا جائے اور ماں و بچے کی صحت کی سہولیات کو مستحکم بنانے کے لیے فعال لیبارٹری بھی قائم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال اور ریفرل کیسز کے لیے ایمبولینس کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مریضوں کو بروقت قریبی اسپتالوں تک منتقل کیا جا سکے۔ ڈاکٹر دھاریجو نے کہا کہ بلوچستان کے دیہی علاقوں میں عوام کی بنیادی ضروریات کے مطابق منصوبہ بندی کی جائے اور ڈسٹرکٹ منیجرز اپنا کام لگن کے ساتھ جاری رکھیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ڈسٹرکٹ انتظامیہ اور ہیلتھ مینجمنٹ کے ساتھ اجلاس منعقد کیے جائیں تاکہ بنیادی مراکز صحت میں سرکاری عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی ایچ یوز کے تکنیکی عملے کے استعداد کار بڑھانے کے لیے جدید دور کے مطابق تربیتی سیشنز کا انتظام بھی کیا جائے گا۔

مظلوم عوامی تحریک کے نامزد امیدوار عبدالولی آغا، شاہ ولی، اسلم یوسفزئی و دیگر کارنر میٹنگ میں شریک ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر نادرا نے بی بی حلیمہ کا شناختی کارڈ جاری کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار بی بی حلیمہ کا شناختی کارڈ کا اجراء کروا دیا گیا۔ درخواست گزار خاتون بی بی حلیمہ کو اپنے شناختی کارڈ کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ انہیں اپنے بچوں کا بی فارم بنوانا تھا، جس کے لیے ان کا اپنا شناختی کارڈ ہونا لازمی تھا۔ ان کی بیٹی نویں جماعت میں زیر تعلیم ہے اور اسکول میں رجسٹریشن کے لیے بی فارم کی فوری ضرورت تھی، ورنہ اس کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ تھا۔ خاتون کے مطابق جب وہ متعلقہ ادارے (نادرا) گئیں تو انہیں طویل انتظار کرایا گیا اور اگلے سال دوسرے مہینے کی تاریخ دی گئی۔ اس پریشانی کے عالم میں انہوں نے وفاقی محتسب کے دفتر سے رجوع کیا۔ وفاقی محتسب کی مداخلت اور فوری کارروائی کے نتیجے میں انہیں نہ صرف شناختی کارڈ مل گیا بلکہ ان کے بچوں کے بی فارم کا مسئلہ بھی حل ہو گیا۔ اس بروقت اور فوری انصاف پر بی بی حلیمہ نے وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "میں بہت پریشان تھی کیونکہ میری بیٹی کا سال ضائع ہو رہا تھا، لیکن وفاقی محتسب کی بدولت میرا مسئلہ حل ہو گیا اور آج میرا کارڈ میرے ہاتھ میں ہے"۔

بجلی کی ناروا غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کیا جائے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی ناروا غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کیا جائے، مسلسل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، بلاوجہ غیر ضروری طور پر گھنٹوں گھنٹوں صبح سے شام تک بجلی بند کر دی جاتی ہے اور شہریوں، گھریلو صارفین کو ذہنی کوفت کا شکار بنا دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے مختلف فیڈرز پر جاری لوڈشیڈنگ اور کیسکو کے ذیلی دفاتر عوام کے لیے دردِ سر بن چکے ہیں۔ بعض دفاتر میں عملے کی غیر موجودگی، بد اخلاقی، ناروا سلوک سے ایسا لگتا ہے کہ وہ ملازمین نہیں بلکہ کمپنی کے مالکان بن کر مفت بجلی فراہم کر رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ تختانی بائی پاس، مسلم اتحاد کالونی، پشتون آباد، شالدرہ، پشتون درہ، جان محمد روڈ، گوالمنڈی روڈ، زمان روڈ، نیو فقیر محمد روڈ، فقیر محمد روڈ، اختر محمد روڈ، سرکی روڈ، کاسی روڈ، میکانگی روڈ، خالق آباد، ڈبل روڈ، سریاب، موسیٰ کالونی، بچی بیگ، ہزار گنجی، کاکڑ ٹاؤن، بروری آباد، رئیسانی ٹاؤن، الکوزئی گلی، غوث آباد، لوئر کاریز، دیبہ، عدوزئی، بروری روڈ، ہزارہ ٹاؤن، مشرقی بائی پاس، مغربی بائی پاس، احمد خان زئی بائی پاس، پشتون باغ، خروٹ آباد، خیزئی، کشمکش، نوحصار، غوث آباد، بلیلی، چکلاغ، چشمہ، عالمو، الیاس، بینہ اوڑک، سرہ غوڑگی، نواں کلی، ترین شار، پشتونستان چوک سمیت شہر کے اکثریت علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بجلی کی کم وولٹیج کے ساتھ فراہمی کا مسئلہ فوری حل طلب ہے۔

نیشنل پارٹی کا کہنہ مشق سیاستدان بسم اللہ کاکڑ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے کہنہ مشق سیاستدان بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے طویل سیاسی جدوجہد پر ان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بسم اللہ خان کاکڑ ساری زندگی قوم دوستی وطن دوستی اور جمہوری سیاست سے وابستہ رہے وہ ایک اصولی سیاسی رہنما تھے نیشنل پارٹی ان کے انتقال پر ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے بسم اللہ خان کاکڑ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہے۔

امان اللہ کنرانی کا بسم اللہ کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے ایمسٹرڈم نیدر لینڈ سے ایک تعزیتی پیغام میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور اپنے وقت کے متحرک طالب علم رہنما اور سیاسی و پرامن جدوجہد کے علمبردار بسم اللہ خان کاکڑ کی رحلت پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے وہ ایک نظریاتی خیالات کے سیاسی کارکن تھے بدقسمتی سے سیاسی اہمیت و افادیت پاکستان کے اندر مفقود ہو کر رہ گئی بسم اللہ خان کاکڑ مرحوم بھی اسی ستم ظریفی کا شکار رہے کہ "تیری سیاست دوراں تو دیکھئے ..... منزل انہیں ملی جو شریک سفر نہ تھے" اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند و مغفرت فرمائے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

رحمت صالح بلوچ کی زاہد ریکی کے کزن کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے رکن بلوچستان اسمبلی میر زاہد ریکی کے کزن اور والدین کے قبائلی رہنماء حاجی عبدالغیاث سنجرانی کے صاحب زادے محمد اختر سنجرانی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ وہ غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات بلوچستان میں مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بسم اللہ خان کاکڑ باوقار اور قبائلی روایات کے امین تھے، حیات اللہ کاکڑ

ان کے انتقال سے کاکڑ قوم اور پورے خطے کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے

کوئٹہ (پ ر) حیات اللہ خان کاکڑ کا بسم اللہ خان کاکڑ کی وفات پر تعزیت کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق جنرل سیکرٹری اور سابق صوبائی وزیر ممتاز قبائلی رہنما کاکڑ قوم کے سرکردہ رہنما بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بسم اللہ خان کاکڑ مرحوم ایک نیک سیرت، باوقار اور قبائلی روایات کے امین شخصیت تھے۔ ان کی سماجی اور قبائلی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرحوم کا انتقال کاکڑ قوم ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین اگر آپ چاہیں تو میں اس بیان کو مختصر، زیادہ رسمی، یا کسی مخصوص نام (جیسے آیت اللہ خان کاکڑ وغیرہ) کے حوالے سے بھی دوبارہ ترتیب دے سکتا ہوں۔

کیسکو دفتر میں تالہ بندی کرنیوالوں کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

معمولی معمولی باتوں پر ہڑتال کی جاتی ہے، کیسکو چیف اور چیئرمین بی او ڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے ٹرانسفر مافیا کے جانب سے سپرنٹنڈنٹ سب ڈویژن میں ہڑتال اور تالہ بندی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس غیر قانونی عمل کو ادارے کی تباہی اور نجکاری کے حق میں ٹرانسفر مافیا کی سازش قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفر مافیا کے سربراہ نے اپنے کارندوں کو حکم دیا ہے کہ وہ انڈسٹریل فیڈرز پر فیکٹریوں کو ڈائریکٹ چلائیں اور جو شخص انکے راستے میں رکاوٹ پیدا کرے اس کو دفتر سے ریلیو کرائیں اگر کسی آفیسر نے ریلیو کرنے سے انکار کیا تو ان کے خلاف ہڑتال اور تالہ بندی کریں۔ انہوں نے ٹرانسفر مافیا کو ادارے میں کرپشن، کمیشن، بدانتظامی، مزدوروں کے حقوق پر کاروبار اور دھندوں کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا کہ اس کرپٹ ٹولے نے ہمیشہ اپنے مفادات کیلئے کیسکو کے آفیسرز کو استعمال کیا ہے اور معمولی معمولی باتوں پر ہڑتال اور تالہ بندیاں کی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسفر مافیا کے سربراہ کی بدمعاشی، ہڑتال، تالہ بندی اور کام بند کرانے سے انکے مقاصد حاصل کرنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ یونائیٹڈ لیبر فرنٹ ہے۔ جس سے ان کو ہر میدان میں ناکامی اور شرمندگی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس طرح لیبر فرنٹ نے لائن مینوں کے حادثات پر انکے غیر انسانی کردار سے مزدوروں کو آگاہی اور شعور دیا تھا اسی طرح انکے ہر ناجائز مطالبے اور دھندے سے مزدوروں کو آگاہی اور شعور دیگی۔ آخر میں انہوں نے وفاقی وزیر توانائی وفاقی سیکرٹری توانائی چیئرمین بی او ڈی اور کیسکو چیف سے مطالبہ کیا کہ دسمبر کے مہینے میں سپرنٹنڈنٹ سب ڈویژن کی تالہ بندی اور ہڑتال کا نوٹس لیکر ذمہ داروں کیخلاف قانونی کارروائی کریں بصورت دیگر یونائیٹڈ لیبر فرنٹ راست اقدام اٹھائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری کیسکو انتظامیہ اور ٹرانسفر مافیا پر عائد ہوگی۔

ایس پی صدر سید طلال شاہ بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او فروٹ آباد حاجی عبدالباقی گرانی کو تعریفی سند دے رہے ہیں

زراعت کا شعبہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، عمران کاکڑ

ڈیموں کی عدم تعمیر سے زیرزمین پانی کی سطح نیچے گرنے سے باغات تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلعہ عبداللہ کے قبائلی رہنماؤں عمران کاکڑ، کلیم اللہ کاکڑ، ملک محمد رفیق اور حیات اللہ نے کہا ہے کہ زراعت کا شعبہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے قلعہ عبداللہ کے 85 فیصد لوگ زراعت سے وابستہ ہیں ڈیموں کی عدم تعمیر سے زیرزمین پانی کی سطح نیچے گرنے سے باغات اور فصلیں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ ڈیم نہ ہونے کے باعث بارشوں کا پانی ضائع ہو رہا ہے ہم مطالبہ کرتے ہیں نئے ڈیموں کی تعمیر اور موجودہ ڈیموں کی مرمت اور صفائی کیلئے اقدامات کئے جائیں بصورت دیگر قومی شاہراہیں بند کر کے شدید احتجاج کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کی اکثریتی آبادی کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے، مگر شدید خشک سالی اور بارشوں کی بندش نے ہزاروں خاندانوں کو بے روزگاری کی طرف دھکیل دیا ہے۔ پانی کی قلت کے باعث زرعی سرگرمیاں شدید متاثر ہو چکی ہیں جس سے زمینداروں کا معاشی مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے۔ ایریگیشن اور ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کو انتظامی دباؤ سے آزاد کر کے موثر اور خودمختار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت کے شعبے کو وسعت دینے اور پانی کی سطح کو ریچارج کرنے کیلئے ڈیموں کی اشد ضرورت ہے نئے ڈیموں کی تعمیر کو یقینی نہ بنایا گیا تو علاقہ بنجر میں تبدیل ہو جائے گا۔ قلعہ عبداللہ سیب اور انگور پیدا کرنے والا ملک کا پہلا اور ایشیاء کا تیسرا بڑا علاقہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقہ سے منتخب نمائندوں کو کئی بار آگاہ کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے انہیں علاقہ کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی سے کوئی سروکار نہیں ہے غیر ضروری اسکیمات ٹینڈر کر کے کرپشن اور کمیشن کا بازار گرم رکھا ہے۔ زراعت اور ایریگیشن کے محکموں کا علاقہ میں کوئی کارکردگی نظر نہیں آتا ہے۔

عوام ترازو کے نشان والے امیدواروں کو کامیاب کرائیں، مرتضیٰ خان کاکڑ

جماعت اسلامی نے کبھی بھی اقتدار کو منزل نہیں سمجھا، جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ کے باشعور، غیرت مند اور درد دل رکھنے والے شہری تمام اقوام، بزرگ، نوجوان، مائیں بہنیں 28 دسمبر کو مستقبل بچانے ترقی خوشحالی اور امن کیلئے ترازو کو ووٹ دیں یہ فیصلے کا دن ہے، یہ امانت لوٹانے کا دن ہے، سوال کا جواب ہے کہ کیا ہم اب بھی دھوکے، جھوٹ اور لوٹ مار کو ووٹ دیں گے یا دیانت، خدمت اور خوف خدا کو ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد سے ملاقات اور اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی وہ جماعت ہے جس نے کبھی اقتدار کو منزل نہیں بنایا، بلکہ خدمت کو عبادت سمجھا۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت میں نہ ہونے کے باوجود آج جماعت اسلامی کا خدمت کا دائرہ کوئٹہ سے لے کر ژوب، جعفر آباد، لسبیلہ، گوادر اور بلوچستان کے دور دراز علاقوں تک پھیلا ہوا ہے۔ آج جب ریاستی ادارے خاموش نظر آتے ہیں، جب غریب کا دروازہ ہر طرف سے بند ہوتا ہے، وہاں الخدمت فاؤنڈیشن اور جماعت اسلامی کے کارکن امید کی شمع بن کر کھڑے ہوتے ہیں۔ بنو قابل پروگرام ہزاروں نوجوانوں کو ہنر سکھا کر ان کے ہاتھ میں خیرات نہیں، عزت کے ساتھ روزگار دے رہی ہے۔ یہ پروگرام بلوچستان میں خود انحصاری کی ایک انقلابی تحریک بن چکا ہے۔ الخدمت کمیونٹی سینٹرز دیہی علاقوں کی وہ بچیاں جو اسکول کا چہرہ تک نہیں دیکھ سکتی تھیں، آج علم، ہنر اور خود اعتمادی سے آراستہ ہو رہی ہیں۔ یہ سب کام کسی تخت، کسی وزارت، کسی فنڈ کی سیاست کے بغیر ہو رہے ہیں۔ سوچیں اگر یہی جماعت بلدیاتی نظام میں آئے تو کوئٹہ کی حالت کیا بدل سکتی ہے؟ میں آپ سے ہاتھ جوڑ کر نہیں، دل جوڑ کر اپیل کرتا ہوں: اس بار ذات، قبیلے اور وقتی فائدے سے اوپر اٹھیں۔ اس بار کردار کو ووٹ دیں۔

اسلامی جمعیت طلبا کا 79 یوم تاسیس آج سائنس کالج میں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) اسلامی جمعیت طلبا کا 79 یوم تاسیس کنونشن آج سائنس کالج میں، مہمان خصوصی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ و دیگر ہوں گے۔ اسلامی جمعیت طلبا 79 یوم تاسیس کے حوالے سے کنونشن 23 دسمبر منگل شام 4 بجے ملٹی پرپز ہال سائنس کالج کوئٹہ میں منعقد ہوگا کنونشن کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ دیگر مہمانان میں بہادر خان کاکڑ ناظم اسلامی جمعیت طلبا بلوچستان، میر عطا اللہ لانگو صدر بلوچستان ہائی کورٹ، پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ صدر بلوچستان پروفیسرز لیکچررز ایسوسی ایشن، ڈاکٹر بہادر شاہ وائس چیئرمین ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن، ڈاکٹر لال خان کاکڑ چیئرمین شہید بشر محمد کاکڑ فاؤنڈیشن، افتخار احمد کاکڑ صوبائی صدر حلقہ احباب، احمد شاہ غازی ضلعی صدر حلقہ احباب خطاب کریں گے طلبا و نوجوانوں سے شرکت کی استدعا کی گئی ہیں۔

بسم اللہ کاکڑ کی پارلیمانی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، احمد خان

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ AQM کے سربراہ احمد خان نے پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم بسم اللہ کاکڑ کی سیاسی اور پارلیمانی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وہ ایک دیانتدار، نظریاتی اور عوام دوست رہنما تھے، جن کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مولانا عبدالواسع کا بسم اللہ خان کاکڑ، وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے سابق صوبائی وزیر، ممتاز سیاسی و قبائلی رہنما بسم اللہ خان کاکڑ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے قریبی رشتہ دار، معروف قبائلی شخصیت وڈیرہ محمد شریف بگٹی کی رحلت پر گہرے رنج و دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بسم اللہ خان کاکڑ محض کسی ایک قبیلے یا علاقے کی نہیں بلکہ پورے خطے کی ایک قدآور سیاسی و سماجی شخصیت تھے۔ ان کی زندگی جدوجہد، استقامت اور اصول پسندی کی عملی تصویر تھی۔ انہوں نے طویل عرصے تک سیاسی جدوجہد، قید و بند اور سخت آزمائشوں کا سامنا کیا، مگر عوامی وابستگی اور نظریاتی موقف سے کبھی دستبردار نہ ہوئے۔ ان کی رحلت سے بلوچستان ایک تجربہ کار، باوقار اور عوام دوست رہنما سے محروم ہو گیا ہے، جس کا خلا مدتوں پر نہ ہو سکے گا۔ اسی طرح مولانا عبدالواسع نے ممتاز قبائلی رہنما وڈیرہ محمد شریف بگٹی کی وفات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم قبائلی روایات، سماجی ہم آہنگی اور علاقائی معاملات میں ایک مدبر اور معتبر حیثیت کے حامل تھے۔ ان کی خدمات کو کسی قبیلے ہی نہیں بلکہ پورا بلوچستان قدر کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ ان کی رحلت صوبے کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ مولانا عبدالواسع نے دونوں مرحومین کے اہل خانہ، لواحقین اور پسماندگان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے۔

بسم اللہ کاکڑ کی جدوجہد و قربانیوں کو عوام قدر کی نظر سے دیکھتی ہے، این ڈی ایم

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی بیان میں پشتون قومی تحریک کے سابق رہنما اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے بانی بسم اللہ خان کاکڑ کی انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی قومی، جمہوری خدمات اور سیاسی جدوجہد و قربانیوں پر انہیں خراج عقیدت پیش کی گئی ہے اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بسم اللہ خان کاکڑ نے زمانہ طالب علمی سے پشتون قومی، جمہوری اور ترقی پسند سیاست میں رہنما کردار ادا کیا اور قوموں و عوام کی جمہوری تحریک نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) اور بعد میں پشتون قومی تحریک میں ان کی جدوجہد و قربانیوں کو تمام عوام اور جمہوری و باشعور حلقے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

مرحوم محمد رسول کی اہلیہ بقضائے الٰہی وفات پاگئی

کوئٹہ (آن لائن) مرحوم محمد رسول کی اہلیہ بقضائے الٰہی وفات پا گئی ہیں۔ مرحومہ مرحوم محمد اسلم مندوخیل، مرحوم ایاز مندوخیل، یوسف حسن مندوخیل اور سعید حسن مندوخیل کی والدہ، جبکہ حاجی سید امیر خان، محمد آمین خان، انجینئر انور خان، نورالم خان کی چچی اور حسن خان کی دادی تھیں۔ فاتحہ خوانی بدھ اور جمعرات کو مکان نمبر 8، شہباز ٹاؤن فیز 3، کوئٹہ میں لی جائیگی۔ مرحومہ کو آبائی قبرستان کلی حسن زئی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

گوالمنڈی چوک اور اطراف میں نالیاں بند ہیں، سعد اللہ کاکڑ

عوامی مسائل کا حل صرف بلدیاتی نمائندے ہی نکال سکتے ہیں، حبیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) مین گوالمنڈی چوک اور اس کے اطراف میں نالیاں بند، گندا پانی سڑکوں پر بہنا روز کا معمول بن گیا ہے، اس شاہراہ پر پشتون آباد کے لوگوں لوگ سفر کرتے ہیں جن میں گاڑیاں، ٹریکٹر، موٹر سائیکل اور پیدل آمد و رفت جاری رہتی ہے، اس شاہراہ کی صفائی کا میٹروپولیٹن کارپوریشن یا صفا پروجیکٹ حکام نے کوئی خیال نہیں رکھا ہے، سابق ناظم سعد اللہ کاکڑ، حبیب اللہ کاکڑ و دیگر نے بتایا ہماری اپیل ہے کہ فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائی جائے تاکہ گلی کوچوں کے مسائل بنیادی بنیادوں پر بلدیاتی نمائندے ہی حل کیا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ پشتون آباد اس وقت مسائلستان اور گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے، مسئلہ حل نہیں کیا گیا تو سڑکوں پر نکلنا کوئی مشکل بات نہیں۔

جمعیت علما اسلام کا دیبہ عوامی اتحاد کی حمایت کا اعلان

یونین کونسل 12 کے تینوں وارڈ کے امیدواران جمعیت کے مشکور ہیں، ارباب شوکت علی

بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے بعد حلقے کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں گے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام نے بلدیاتی انتخابات میں دیبہ عوامی اتحاد کی حمایت کا اعلان کر دیا تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام نے یونین کونسل 12 وارڈ 1 سے دیبہ عوامی اتحاد کے امیدوار بختیار احمد سالائی، یونین کونسل 12 وارڈ 2 سے ارباب شوکت علی اور یونین کونسل 12 وارڈ 3 سے جہانزیب ہنگورئی کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ارباب شوکت علی اور دیبہ کے عوام نے بلدیاتی انتخابات میں دیبہ عوامی اتحاد کے امیدواروں کی مکمل حمایت کرنے پر جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں مولانا کمال الدین، مولانا محب اللہ، حاجی باز محمد نورزئی، میر عثمان اچکزئی، رفیع اللہ بڑیچ کا دیبہ عوامی اتحاد کے امیدواروں کی حمایت کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے دیبہ عوامی اتحاد کے امیدواروں پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انشاء اللہ وہ اس پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے اور کامیابی کے بعد حلقے کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں گے

کوئٹہ، پشتون قومی اور قبائلی جرگے کے کنوینئر خان امان اللہ اچکزئی، امین خان نورزئی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کے باعث مہنگائی اپنے عروج پر ہے، رحیم کاکڑ

ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی کارکردگی فوٹو سیشن اور نمائشی حد تک محدود ہیں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ اور عمر فاروق ایڈووکیٹ نے کوئٹہ شہر کے حالات پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ مکمل طور پر لاوارث ضلع بن چکا ہے۔ ان کے مطابق شہر میں مہنگائی اپنے عروج پر ہے اور ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹیاں صرف فوٹو سیشن اور نمائشی حد تک محدود ہیں۔ رحیم کاکڑ اور عمر فاروق نے کہا کہ کوئٹہ میں ذخیرہ اندوزوں نے کھلی چھوٹ حاصل کر رکھی ہے، جس کے باعث بکرے، گائے، مرغی، مچھلی، انڈے، آٹا، چینی، تیل اور مصالحہ جات سمیت دیگر اشیا خورونوش مہنگائی مافیا کی مرضی کے مطابق فروخت کی جا رہی ہیں۔ ملاوٹ شدہ دودھ اور دہی بھی سرعام بازار میں دستیاب ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں خاموش تماشائی بن کر عوام کی مشکلات میں اضافہ کر رہی ہیں۔ تحریک انصاف کے رہنماؤں نے اس صورتحال کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جماعت عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور عوامی حقوق اور قیمتوں کی نگرانی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی۔

ایچ ایس ایف کے زیر اہتمام فکرِ خالق شہید سیمینار کا انعقاد

ڈاکٹر رحیم چنگیزی، منظور حنان ودیگر نے شہید کی جدوجہد پر روشنی ڈالی

کوئٹہ (آن لائن) شہید عبدالخالق ہزارہ کی 29 ویں برسی کے موقع پر ہزارہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن (ہزارہ ٹاؤن زون) کے زیر اہتمام ایک علمی سیمینار بعنوان "فکرِ خالق شہید" منعقد ہوا، جس میں طلبہ، اساتذہ، اہلِ قلم اور سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز ندیم صادق، سیکرٹری ہزارہ ٹاؤن زون، کے مقالے سے ہوا جس میں شہید عبدالخالق ہزارہ کی جدوجہد اور ظلم کے خلاف مزاحمت کو اجاگر کیا گیا۔ بعد ازاں ہمایوں ہزارہ، صدر ہزارہ ٹاؤن زون، نے شہید کی فکر پر مبنی ایک انقلابی نظم پیش کی۔ علمی سیشن سے پروفیسر ڈاکٹر رحیم چنگیزی، نسیم جاوید اور زمان دہقان زادہ نے خطاب کرتے ہوئے فکرِ خالق، قومی شعور اور تاریخی آگاہی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اختتامی کلمات میں مرکزی صدر ہزارہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن، منظور حنان، نے کہا کہ ایسے علمی و فکری پروگرام باشعور نوجوان اور مضبوط معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہیں۔

کوئٹہ، یونین کونسل 12 دیبہ وارڈ 1 سے بختیار احمد سالائی وارڈ 2 سے شوکت علی وارڈ 3 سے جہانزیب ہنگورئی جے یو آئی (ف) کی جانب سے ارباب شوکت علی بنگلہ دیبہ عوامی اتحاد کی حمایت کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

تجربہ کار سیاسی کارکنان کو بلدیاتی امیدوار نامزد کیا ہے، پشتونخوا نیپ

الیکشن میں کامیابی کے ذریعے عوام کو ان کا حق دلائیں گے، صوبائی آفس سیکرٹری نداسنگر

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے لیے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نامزد امیدواران میں اکثریت ایسے باشعور، اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار سیاسی کارکنان کی ہے جو عوامی مسائل کی نوعیت، شدت اور ان کے حل سے بخوبی واقف ہیں۔ پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت، شفاف سیاست اور جمہوری اقدار کو اپنی جدوجہد کا محور بنایا ہے اور بلدیاتی اداروں کے ذریعے عوام کو ان کا حق دلانے پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی آفس سیکرٹری نداسنگر نے پشتون آباد میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں قائم انتخابی دفتر کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی ادارے، جمہوریت کی بنیاد ہوتے ہیں اور اگر ان اداروں میں عوام کے حقیقی نمائندے منتخب ہوں تو مقامی سطح پر مسائل کے حل کی رفتار تیز ہو سکتی ہے۔ انہوں نے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنا کر عوام دوست، شفاف اور بااختیار بلدیاتی نظام کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔ دریں اثناء پشتون درہ میں منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبدالرزاق بڑیچ، ظہور افغان، حاجی سلام بڑیچ، حاجی شائستہ خان بڑیچ اور نامزد امیدوار رمضان خان نے خطاب کیا۔

کوئٹہ، قلعہ عبداللہ کے قبائلی معتبرین عمران کاکڑ، کلیم اللہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تصحیح اشتہار

چیف انجینئر پی اینڈ ڈی کی جانب سے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی درجہ چہارم کی خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے انٹرویو شیڈول PRQ No 2867/18-12-2025 کے تحت مورخہ 19-12-2025 کو اخبارات میں شائع کیا گیا تھا جس میں غلطی سے انٹرویو کی تاریخ کے ساتھ سال 2025 لکھا گیا تھا لہذا تمام عوام الناس اور امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹرویو کا درست سال 2026 پڑھا اور تصور کیا جائے۔ باقی شرائط من و عن رہے گی۔

چیف انجینئر پی اینڈ ڈی پبلک
ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کوئٹہ

PRQ No 2905/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار برائے خالی آسامیاں

بحوالہ اشتہار نمبر AB No 605/19-12-2025 جاری شدہ مورخہ 20-12-2025 کو مقامی روزنامہ اخبارات میں غلطی سے انٹرویو کی تاریخ 08-12-2026 لکھی گئی ہے جبکہ انٹرویو مورخہ 08-01-2026 کو دن 11:00 بجے میونسپل کمیٹی قلعہ سیف اللہ میں ہوگا تصحیح کیلئے مشتہر کیا جا رہا ہے باقی شرائط و ضوابط حسب سابقہ ہیں۔

چیئرمین میونسپل
کمیٹی قلعہ سیف اللہ

AB No610/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Tender Extension Notice

With reference of TSE No. 252612918941 published in Daily newspapers dated 05-12-2025 vide PRQ No. 2683/04-12-2025, it is to inform that due to some unavoidable circumstances the Tender Opening Date has been extended. New opening date is 29-12-2025 (Monday) at 11:30 AM in the same office.

Note: All terms and condition of tenders remain the same.

Controller Printing &Stationery Department, Block No-09, Room No-01, Ground Floor Civil Secretariat, Quetta

PRQ No.2901/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required The Turbat City Development Project/ Master Plan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 2000/- , **Bid Security (Call Deposit) 2% Estimated Cost**

S.#	Name of Work	E/Cost
1	REPAIR AND RENOVATION OF CONFERENCE ROOM OF COMMISSIONER OFFICE AND LIBRARY OF GOVERNMENT BOYS MODEL HIGH SCHOOL AT TURBAT TSE NO. (TSE-252612924793)	9,943,000/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 6,960,100 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10 (i) (General Civil Engineering Works) . **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Tender Documents: **The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed** by depositing Rs. **2,000/-** (Non Refundable) **the head of account C-02716 through Government Treasury/National Bank of Pakistan.** Issuance of tender Documents: **From the date of publication of NIT to** 12 January, 2026 **during office hours on working days Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **12 January, 2026** till **12:00 PM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Office of the Commissioner Mekran/ Project Director, Turbat City Development Project/ Master Plan Turbat **Phone no:** 0852413244 **Fax no: Email:** tcdpkech@gmail.com

Deputy Project Director
Turbat City Development
Project Turbat

AB No.608/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION OF ALLOTMENT ADVERTISEMENT

In continuation of this Directorate's advertisement PRQ NO.2402/13-11-2025 published in leading newspapers regarding allotment of industrial plots in Small Industrial Estate(s) at Sirki Road Quetta, it is hereby notified for the information of all concerned that the last date for submission of applications has been extended. Now, applications complete in all respects may be submitted up to 10 th January 2025, during office hours at the office of the undersigned. All other terms and conditions mentioned in the original advertisement shall remain unchanged. Interested applicants who could not apply earlier are encouraged to avail this extended opportunity.

Assistant Manager (Estate)
Small Industries Wing,
Balochistan

PRQ No.2914/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عوامی شنوائی

ڈپٹی ڈائریکٹر (انفورسمنٹ) این ایچ اے اسلام آباد کی ماحولیاتی تجزیاتی رپورٹ کی عوامی شنوائی

تمام متعلقین اور عوام الناس کو اس نوٹس کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ ادارہ برائے تحفظ ماحولیات حکومت نے "ڈپٹی ڈائریکٹر (انفورسمنٹ) این-ایچ-اے اسلام آباد کی جانب سے جمع کردہ پروجیکٹ ایم-8 ڈسٹرکٹ خضدار اور جھل مگسی واگنو پہاڑیوں میں سرنگ کی تعمیر کے لیے تفصیلی ڈیزائن اور فزیبلٹی اسٹڈی" کی ماحولیاتی تجزیاتی رپورٹ کو عوامی شنوائی کے لیے منظور کیا ہے۔ تمام متعلقین اور عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اس نوٹس کے اجراء کی تاریخ سے تیس (30) دن کے اندر اس پروجیکٹ کے ماحولیاتی اثرات کے بارے میں اپنی رائے اور تجاویز ڈائریکٹر جنرل ادارہ برائے تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان کے دفتر میں جمع / ارسال کریں۔ اس ضمن میں ایک عوامی شنوائی مورخہ 26-01-2026 بمقام سٹی ہال سمنگلی روڈ فیز-1 شہباز ٹاؤن کوئٹہ بوقت صبح 11:00 بجے منعقد کی جائے گی جس میں تمام متعلقین اور عوام الناس کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔ تاہم ادارہ برائے تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان کی طرف سے ڈپٹی ڈائریکٹر (انفورسمنٹ) این-ایچ-اے کی جانب سے جمع کردہ پروجیکٹ ایم-8 ڈسٹرکٹ خضدار اور جھل مگسی واگنو پہاڑیوں میں سرنگ کی تعمیر کے لیے تفصیلی ڈیزائن اور فزیبلٹی اسٹڈی این-ایچ-اے کی ماحولیاتی تجزیاتی رپورٹ کی ماحولیاتی منظوری دینے کے لیے تمام متعلقین اور عوام الناس کو مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی رائے اور تجاویز مندرجہ ذیل پتہ پر جمع / ارسال کریں۔ ڈائریکٹر جنرل ادارہ برائے تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ فون نمبر 081-9201840

ڈائریکٹر جنرل ادارہ برائے تحفظ
ماحولیات حکومت بلوچستان

AB No 609/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252612926103 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL AT CHIEF MINISTER ANNEXE HANNA QUETTA	49,751,250

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 34,825,875 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security of 3% of estimated Cost Rs 1500 fee in Favor of EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE DIVISION I QUETTA C02716 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 07 January, 2026till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 01:00 PM on EPPS System Address: EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA C&W Complex NEAR CHAMMAN PATAK MIR JAFAR KHAN JAMALI ROAD QUETTA Phone no: 0812920243
Email: maintainancexen@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
MAINTENANCE DIVISION-I
QUETTA

PRQ No.2895/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

جوان ڈیوٹی کو اپنا اولین فرض سمجھ کر ادا کریں، کمانڈنٹ بی سی

جوان ہمت و بہادری کے ساتھ سماج دشمن عناصر کا مقابلہ کریں، بذات خود جوانوں کی ویلفیئر کے لئے دن رات کام کر رہا ہوں

جوانوں کیلئے نئے بارکس اور فزیکل فٹنس کیلئے سپورٹس فیسلیٹیز کا انعقاد کیا جائیگا و نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

... 104 پاسنگ آؤٹ پریڈ پولیس ٹریننگ کالج میں بلوچستان کانسٹیبلری کے پوزیشن ہولڈرز جوانوں کو تعریفی اسناد بمعہ نقد انعامات سے نوازا۔ جن میں 4497/RC قدرت اللہ فائرنگ میں پہلی پوزیشن، 3891/RC نیاز محمد آل راونڈ پہلی پوزیشن (لاء)، 4707/C جمیل احمد پہلی پوزیشن ڈرل ...

کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد، ایس ایس پی ہیڈکوارٹر کمال کبزئی و دیگر کا گروپ فوٹو

سوراب بارڈر کو جلد کاروباری سرگرمیوں کیلئے کھول دیا جائے گا، ڈی سی کیچ

ضلعی انتظامیہ کیچ کی جانب سے تمام انتظامی و سیکورٹی معاملات طے پا چکے ہیں

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ سے ضلع کیچ کے کاروباری حضرات، بارڈر نمائندگان اور انجمن تاجران کیچ کے وفد نے ملاقات کیا۔ ملاقات میں پاک ایران بارڈر بندش کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال اور اس کے منفی اثرات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کیچ کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر بارڈر نمائندگان، انجمن تاجران کیچ کے عہدیداران سمیت کثیر تعداد میں متعلقہ افراد موجود تھے۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے واضح اور دوٹوک انداز میں کہا کہ سوراب بارڈر کو چند ہی دنوں میں کاروباری سرگرمیوں کیلئے کھول دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کیچ کی جانب سے تمام انتظامی و سیکیورٹی معاملات طے پا چکے ہیں، بارڈر پر باڑ لگانے کا کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ صرف گیٹ کی تنصیب باقی ہے جس پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے مزید کہا کہ جیسے ہی گیٹ کی تنصیب مکمل ہوگی، سوراب بارڈر کو باقاعدہ طور پر تجارت کیلئے کھول دیا جائے گا، جس سے نہ صرف سرحدی تجارت بحال ہوگی بلکہ علاقے میں بیروزگاری کے خاتمے اور معاشی استحکام میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

ترقیاتی کام عوام کی امانت ہیں معیار کا خاص خیال رکھا جائے، ڈی سی زیارت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت بلوچستان ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی گئی اجلاس میں بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے غور خوض کیا گیا اجلاس میں ونگ کمانڈر 155 کرنل ذیشان، میجر عامر، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت و توسیعی حاجی نذیر احمد پانیزئی، پرنسپل ایچ رہ کالج پروفیسر شبیر احمد بڑیچ، ایم ایس ڈاکٹر عرفان الدین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد صدیق دمڑ نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے کہا کہ ترقیاتی کام عوام کی امانت اور عوام کے فائدے کے لیے ہیں اس کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ جلد ہی عوام ان کاموں سے مستفید ہو سکے ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل کے استعمال کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

عمران کان کے پولیٹیکل ایڈوائزر امجد خان نیازی سے تحریک انصاف بلوچستان کے صدر داؤد شاہ کاکڑ و دیگر صوبائی عہدیداران ملاقات کر رہے ہیں

بی ایف سی کا قیام حکومت کے وسیع معاشی اصلاحاتی ایجنڈے کا حصہ ہے، بلال کاکڑ

بی ایف سی کا مقصد صوبے کو سرمایہ کاروں کیلئے زیادہ قابل رسائی اور پرکشش بنانا، سرکاری رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا، سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانا ہے

سینٹر کے قیام سے سرمایہ کاری میں اضافہ، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار مضبوط اور صوبے میں پائیدار روزگار کے مواقع پیدا ہونگے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کی جانب اہم قدم ہے، جس کا مقصد صوبے کو سرمایہ کاروں کے لیے زیادہ قابل رسائی اور پرکشش بنانا، سرکاری رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا، سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانا اور Ease of Doing Business کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کے افتتاح کی تیاریوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم لاشاری سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر حکام نے بی ایف سی کو جلد فعال کرنے کے حوالے سے اب تک کی پیشرفت پر بریفنگ دی۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے تمام اقدامات فوری طور پر مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ BFC کا قیام حکومت کے وسیع معاشی اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے، جس کا مقصد سرمایہ کاری میں اضافہ، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی مضبوطی اور صوبے بھر میں پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ یہ اقدام رکاوٹوں کے خاتمے اور تاخیر میں کمی کے ذریعے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کرے گا اور صوبے کی معاشی بنیاد کو وسعت دے گا۔ وزیر اعلیٰ کی سرمایہ کار دوست ماحول کے فروغ پر توجہ اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبہ جدید طرز حکمرانی، جدت، کاروباری ترقی اور مؤثر سرکاری و نجی شراکت داری کو اہمیت دے رہا ہے۔

CORRIGENDUM

In continuation of the Request for Proposal (RFP) published in daily newspapers on 6 th December, 2025 vide **PRQ No. 2713/05-12-2025** and uploaded on the BPPRA website under **TSE No.2252612919814** for **"Detailed Design and Construction Supervision of Road Murgha Faqirzai – Badini (Length: 76 KM), District Killa Saifullah,"** it is hereby informed that certain corrections/amendments have been made in the bidding documents. Interested bidders are requested to download the updated bidding documents from the BPPRA website. The bid submission/opening date is hereby extended up to **26 th December, 2025.** The place of issuance and opening of tenders shall be the Office of the Executive Engineer (Roads), CW, PP&H Department, District Killa Saifullah. All other terms and conditions shall remain unchanged.

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS), CW, PP&H Department, District Killa Saifullah

PRQ No.2902/22-12-2025

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Road) CWPP&H Department District Dera Bugti invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025-26 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

Tender Fee 2000 PKR Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1.	BT Road from Muranj to Pehlawagh via Chail Wadh Phase-I Dera Bugti PSDP#3943/ Z2023.3238 **(TSE-252612925873).**	49,504,950/-
2.	BT Road from Muranj to Pehlawagh via Chail Wadh Phase-II Dera Bugti PSDP#3943/ Z2023.3238 **(TSE-252612925863).**	49,504,950/-
3	BT Road from Pehlawagh to Dilgawash Phase-I Dera Bugti PSDP#3943/Z2023.3238 **(TSE-252612925853).**	49,504,950/-
4	BT Road from Pehlawagh to Dilgawash Phase-II Dera Bugti PSDP#3943/Z2023.3238 **(TSE-252612925833).**	49,504,950/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work. Turn over of at least,34,653,465/-,34,653,465/-, 34,653,465/- & 34,653,465/- PKR amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering Council(PEC) C-5 and above (upto 65 million,) In Relevant Category and Specialized Code in CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining structure). Completed at least 02 projects of Similar Nature and complexity projects Cost 70% or above under taken in last 05 years. Bid Security 2% of the Estimated Cost. Rs.2000/- in account No. C-02716 through Green Challan. The Bidder must not have any pending litigation or court cases related to contractual disputes, fraud, corruption, or other serious offenses. The Bidder must not have been involved in any contract breach or termination. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from **www.bppra.gob.pk. Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 06 January, 2026 till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 1:00 PM on EPPS System. Address: Main Road Dera Bugti.

Phone no: 0835410560Fax no: 0835410562
Email: Muhammadejaz0266@gmail.com

Executive Engineer- (Roads) CWPP&H Department District Dera Bugti

PRQ No.2904/22-12-2025

ڈیورنڈ لائن کی بندش کے باعث طلباء کو مسائل کا سامنا ہے، پی ایس او

افغانستان میں زیر تعلیم طلباء تعطیلات کے دوران اپنے گھروں کو واپس نہیں آپارہے

حکومت سنجیدہ ہوتے ہوئے طلباء کی واپسی کے لیے فوری طور پر اقدامات اٹھائے، مطالبہ

... افغان، ثقافت آرگنائزر رحمت کاکڑ اور زونل آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر اراکین نے اخباری میں کہا ہے کہ افغانستان میں زیر تعلیم ملکی طلباء تعلیمی تعطیلات کے دوران اپنے گھروں کو واپس آنا چاہتے ہیں لیکن زور زبردستی کی بنیاد پر قائم اور فارم 47 کی مسلط حکومت کی ناکام خارجہ پالیسیوں کے نتیجے میں پاک افغان تعلقات ... سٹوڈنٹس آرگنائزیشن حکومت وقت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ان طلباء کی واپسی کے لیے فوری طور پر اقدامات اٹھائیں اور طلباء کو اپنے گھر لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ افغانستان میں اس وقت شدید سردی ہے اور طلباء کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت جلد از جلد ڈیورنڈ لائن کے راستے کھول دیں تاکہ ان طلباء کی واپسی ممکن ہو۔

اسلام آباد پولیس کے مسیحی آفیسران اور سٹاف کیلئے کرسمس کی تقریب

کرسمس محبت اور انسانیت کی خدمت کا تہوار ہے، مسیحی آفیسران ہمارا فخر ہیں، آئی جی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کرسمس کی تقریب میں شرکت۔ مسیحی پولیس آفیسران اور سٹاف کے لئے کرسمس کی تقریب کا انعقاد، آئی جی اسلام آباد نے مسیحی پولیس افسران کو مبارکباد دی اور تحائف پیش کئے، کرسمس محبت بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا تہوار ہے، مسیحی افسران ہمارا فخر ہیں، ملک کی ترقی میں مسیحی کمیونٹی کا اہم کردار ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسیحی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے پولیس افسران اور اسٹاف کے لئے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کرسمس کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ملک جمیل ظفر، اے آئی جی لاجسٹکس عبدالحق عمرانی، ایس پی ہیڈکوارٹرز پری گل ترین اور دیگر پولیس افسران نے بھی شرکت کی، آئی جی اسلام آباد نے مسیحی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے تمام پولیس افسران کو مبارکباد پیش کی اور ان میں تحائف بھی تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ موقع پیار، محبت، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، مسیحی افسران اور سٹاف ہمارا فخر ہیں اور ہر شعبے میں ملک اور قوم کی خدمت میں نمایاں کارکردگی کے حامل ہیں

آفیسران ماہانہ 30 اسکولوں کا دورہ یقینی بنائیں، ڈی سی گوادر

ضلعی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس، متعلقہ حکام کی شرکت، متعدد امور پر غور

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) زراتون بی بی، پرنسپل گرلز ڈگری کالج سین بلوچ، ایگزیکٹو انجینئر بی اینڈ آر اکرم رحیم، ایگزیکٹو انجینئر کیسکو حسین بخش بلیدی، اکاؤنٹ آفیسر الٰہی بخش بلوچ، ڈسٹرکٹ منیجر این آر ایس پی پیر جان بلوچ، یونیسف، آر ٹی ایس ایم، ڈپٹی ڈی او، سول سوسائٹی، سوشل ویلفیئر اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن اور یونیسف کے نمائندوں کی غیر حاضری پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں نوٹسز جاری کرنے کی ہدایت دی۔ اجلاس میں غیر فعال اسکولوں کی تعداد، فورتھ فیز اپ کے تحت اساتذہ کی بھرتی، اور تعلیمی نظام کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے جاری ترقیاتی اسکیموں، زیر تعمیر اسکول عمارتوں اور مزید تعمیراتی ضروریات پر بھی تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کی عمارت، جس کا کام گزشتہ چھ سالوں سے رکا ہوا ہے، کے حوالے سے ایگزیکٹو انجینئر بی اینڈ آر سے وضاحت طلب کی گئی

سیف سٹی اسلام آباد شہر کی ایک مستعد اور ہر لمحہ بیدار آنکھ

2025 میں 97 ہزار 506 مختلف اقسام کے سرویلنس آپریشنز انجام دیئے

اسلام آباد کے ہر ایونٹ کو سیف سٹی نے ریئل ٹائم مانیٹرنگ کے ذریعے محفوظ بنایا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیف سٹی اسلام آباد وفاقی دارالحکومت کی ایک مستعد، جدید اور ہر لمحہ بیدار آنکھ ... آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے وژن کے تحت سیف سٹی اسلام آباد جدید ٹیکنالوجی، بروقت ردعمل اور شفاف کارروائی کی ایک نئی پہچان بنتے ہوئے تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے، سیف سٹی اسلام آباد وفاقی دارالحکومت کا نگران ڈویژن ہونے کے ساتھ ساتھ ایک مستعد، جدید اور ہر لمحہ بیدار آنکھ ہے، سال 2025 میں سیف سٹی کے کیمروں نے 97 ہزار 506 مختلف اقسام کے سرویلنس آپریشنز کیے، جن میں غیر رجسٹرڈ گاڑیاں، مشکوک افراد، حساس عمارات اور عوامی مقامات وغیرہ شامل ہیں، سیف سٹی کیمروجات کی بدولت سال بھر کے متعدد ہائی پروفائل کیسز، ڈکیتی، دہشت گردی اور راہزنی کے بے شمار مقدمات منطقی انجام کو پہنچے۔ اسی طرح محرم الحرام کے دوران 01 ہزار سے زائد مجالس اور 120 سے زیادہ جلوسوں کے روٹس کی حفاظت کے لئے ڈرون کیمرے، سمارٹ کاریں اور سیف سٹی کا جدید نظام ہر وقت فعال رہا، علاوہ ازیں غیر ملکی وفود، کھیلوں کے بڑے ایونٹس اور سیاسی سرگرمیوں سمیت اسلام آباد میں منعقد ہونے والے ہر ایونٹ کو سیف سٹی نے ریئل ٹائم مانیٹرنگ سے محفوظ بنایا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل ...

TENDER NOTICE

The Government of Balochistan has been provided funds to finance the cost of the following Schemes, for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

S.No	NAME OF WORK'S	E/COST
1	REHABILITATION & WIDENING OF KILLI SHEIKHAN ROAD ZHOBPKR. **TSE-252612925713**	59,408,272/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 Amended up to date. Eligibility of Bidders: Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents Bid Security for all the above works is 3% of the estimated cost. Tender fees for Sr 1 is Rs. 1,000. Bidding Procedure: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure All bid shall be submitted electronically on EPPS System, manual bid will not be accepted as per the B-PPRA Rules. Tender Documents: The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.LAST DATE AND TIME OF BID SUBMISSION 09 JANUARY, 2026 at 01:30 PM and will be opened on same day at 02:30 PM Address: B-PPRA EPPS SYSTEM Office Address & for corresponding: Office of The Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department Zhob.

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS), CWPP&H DEPARTMENT ZHOB

PRQ No.2900/22-12-2025

TENDER NOTICE

The Fatima Jinnah Institute of Chest Diseases, Quetta. invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252612924671 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 500 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Medical Equipment and Accessories (Total Item(s) Count: 6)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 5 Assignments of Similar Nature and Complexity 2,500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 2,500,000 PKR in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security in the form is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bid Document Fee The bidder must have qualified and trained biomedical engineers/technicians with hands-on experience in repair and servicing of X-ray, ultrasound, and echo equipment. Authorization or Sole Agent Certificate issued by the Manufacturer / Importer for Balochistan. Sub-dealer having sole authorization from the principal for Balochistan may also apply. Proof of such authorization, duly signed and stamped on the Manufacturer's / Importer's letterhead, for participation in this tender shall be submitted. The authorization certificate shall be produced in original for verification and must be verified from the issuing authority, if required by the procuring agency at any stage. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 06 January, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 06 January, 2026till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:30 AM Address: Fatima Jinnah Institute of Chest Diseases, Brewery Road, Quetta. Phone no: 0819213188Fax no: 0819213189
Email: fjicd2020@gmail.com

Executive Director Fatima Jinnah Institute of Chest Diseases, Quetta.

PRQ No.2896/22-12-2025

صوبائی ترجمان جے یو آئی دلاور خان کاکڑ کا اظہار تعزیت

... گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ حاجی صالح محمد ترین ایک نہایت نیک دل، شریف النفس اور منکسر انسان تھے، جن کی پوری زندگی سادگی، دیانت اور انسانی خدمت سے عبارت رہی۔ وہ علاقائی سطح پر سماجی ہم آہنگی، باہمی احترام اور فلاحی امور میں پیش پیش رہے

کوئٹہ کی ترقی کیلئے شہری انتظامیہ کیساتھ تعاون کریں، ایڈمنسٹریٹر

میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے کوئٹہ کو ایک صاف، منظم اور خوبصورت شہر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہیں

کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ شہر ہے اور اس کی خوبصورتی، صفائی اور بہتر نظم و نسق ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ شہر کے حقیقی حسن کو نکھارنے، شہری مسائل کے موثر حل اور بہتر شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے میونسپل کارپوریشن کوئٹہ کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمرانی نے کی جبکہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے خصوصی شرکت کی انکے علاوہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ، ٹریفک بیورو، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، میونسپل انجینئرز سمیت مختلف محکموں کے متعلقہ افسران بھی شریک تھے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تمام ٹریفک سگنلز کو مکمل طور پر فعال کرنے، غیر قانونی تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرنے، حادثات کی روک تھام کے لیے مختلف مقامات پر اسپیڈ بریکرز کی تنصیب، اہم شاہراہوں اور گرین بیلٹس پر شجرکاری کے فروغ اور مرکزی سڑکوں کی دیواروں کو خوبصورت اور معیاری پینٹنگز سے آراستہ کرنے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا مزید براں اجلاس میں شہر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے باہمی رابطہ اور فیلڈ مانیٹرنگ کو مزید مؤثر بنایا جائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ شہر ہے اور اس کی خوبصورتی، صفائی اور بہتر نظم و نسق ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے بلاتفریق اقدامات کیے جا رہے ہیں گے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمرانی نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے کوئٹہ کو ایک صاف، منظم اور خوبصورت شہر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شہری بہتری اور صفائی کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمن قمرانی شہر کی خوبصورتی اور شہری مسائل کے حل کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیشنل کمپلائنس سنٹر درآمد و برآمد کنندگان کی سہولت کیلئے کوشاں ہے، اکرام اللہ

این سی سی ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کو کاروباری معاملات کی استواری، شفافیت، مقابلے کے رجحان اور دیگر لوازمات سے آگاہ کرتی ہے

این سی سی بزنس کمیونٹی کو ملکی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر چلنے اور کاروبار کرنے کیلئے مکمل آگاہی فراہم کرتی ہے، چاندنی کاکڑ

امید ہے این سی سی تاجروں کو دنیا بھر میں موجود کاروباری مواقعوں سے متعلق سرٹیفیکیشن اور معیارات بارے آگاہی دے گی، میر واِس کاکڑ

کوئٹہ (آئی این پی) وفاقی وزارت تجارت کے نیشنل کمپلائنس سنٹر کے ایکسپرٹ کوالٹی چیمپئن اکرام اللہ خان اور چاندنی کاکڑ نے کہا ہے کہ (این سی سی) کا مقصد بزنس کمیونٹی کو کاروباری معاملات میں شفافیت اور مقابلے کے رجحان اور ان کیلئے درکار لوازمات سے ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کو آگاہ کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ آگاہی سیشن کے شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے نائب صدر انجینئر میر واِس خان کاکڑ و دیگر نے انہیں چیمبر آنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ نیشنل کمپلائنس سنٹر انہیں دنیا بھر میں موجود کاروباری مواقعوں اور ان کے لئے درکار سرٹیفیکیشن اور معیارات بارے بھرپور آگاہی دے گی اور اس طرح کے آگاہی سیشنز بزنس کمیونٹی کیلئے مثبت نتائج کے حامل ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے پھل، فروٹ، کھجور، معدنیات سمیت مختلف آئٹمز اپنی مثال آپ ہیں مگر ان کی پروسیسنگ، پیکیجنگ اور سرٹیفیکیشن بارے شعور و آگاہی کی کمی ہے جو یہاں موجود نعمتوں اور انہیں دنیا بھر میں برآمد کرنے کے مواقعوں کو کم کرنے کا سبب ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزارت تجارت کے نیشنل کمپلائنس سنٹر کے ماہر برائے کوالٹی چیمپئن اکرام اللہ خان نے شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ نیشنل کمپلائنس سنٹر کا قیام کاروباری معاملات میں شفافیت اور مقابلے کے رجحان کو فروغ دینے کیلئے ہیں بلکہ اس کا ایک خاص مقصد بزنس کمیونٹی کو ملکی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر چلنے کیلئے آمادہ کر کے ایکسپورٹ اور امپورٹ کے مواقع بڑھانا بھی ہے اس مقصد کیلئے ہمیں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کو سہولیات دے کر انہیں ایکسپورٹ کیلئے تیار کرنا ہے کیونکہ اس وقت پاکستان بھارت اور بنگلہ دیش کے مقابلے میں کم برآمدات کر رہا ہے، جس کی خاص وجہ چند گنے چنے کمپنیوں کی جانب سے ایکسپورٹ کرنا ہے ہم انفارمل کاروبار کو فارمل کرنا چاہتے ہیں

کوئٹہ شہید عبدالخالق ہزارہ کی 92 ویں برسی کے موقع پر ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن (ہزارہ ٹاؤن زون) زیر اہتمام علمی سیمینار سے منظور رستان و دیگر خطاب کر رہی ہیں

صحبت پور کے قریب چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں ایک شخص سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین لیا گیا دوسرے واقعے میں دو گائے چوری جبکہ تیسرے واقعے میں ٹرانسفارمر چوری کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق صحبت پور کے قریب پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود گوٹھ اسد اللہ کھوسو میں گزشتہ شب نامعلوم چور ایک سو کے وی کا ٹرانسفارمر چوری کرکے فرار ہوگئے جس کے باعث متعدد گاؤں تاریکی میں ڈوب گئے جبکہ خان محمد بگٹی میں نامعلوم چور دو گائے چوری کرکے لے جا رہے تھے کہ پولیس کے ہتھے چڑھ گئے پولیس نے ملزم امام الدین کو لہڑی چوک کے قریب پکڑ لیا چوری گائے برآمد کرلی گئی جبکہ ملزم کے دیگر ساتھی فرار ہوگئے صحبت پور کے قریب چمن پٹی کے ایریا میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ذکریا خان سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے صحبت پور میں چوری ڈکیتی بدامنی کے خلاف سول سوسائٹی اور شہریوں کی بڑی تعداد سڑک پر نکل آئے صحبت پور ڈیرہ اللہ یار روڈ پر ٹائر جلا کر روڈ کو بلاک کر دیا گیا روڈ کے بند ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا پولیس حکام سے مذاکرات کے بعد روڈ کھول دیا گیا۔

بلوچستان میں درسی کتب کی چھپائی میں شفافیت یقینی بنائی جائے، حلیم صادق

غیر معیاری اور نااہل ٹھیکیداروں کو نوازنے کی کوششیں ناقابل برداشت ہیں، طلبہ کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کو برداشت نہیں کیا جائے گا

ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں، تاہم بلوچستان میں تعلیم کے معیار، فروغ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، حکام نوٹس لیں

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری اور بلوچستان میں متنے درسی کتب کی چھپائی کا ذمہ سنبھالنے والے معروف ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے شدید خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان میں سرکاری درسی کتب کی چھپائی کے شفاف اور معیاری عمل کو دانستہ طور پر سبوتاژ کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹر حلیم صادق کے مطابق چیئرمین ٹیکسٹ بک بورڈ ایمانداری اور معیار کے مطابق درسی کتب کی چھپائی کروانے کے بجائے ماضی میں ناکام، نااہل اور متنازع ریکارڈ رکھنے والے بعض ٹھیکیداروں کو دوبارہ نوازنے کی کوشش کر رہے ہیں، جن کا تعلق پنجاب سے ہے اور جن کا سابقہ ریکارڈ نہایت خراب اور غیر معیاری کتب کی فراہمی سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ چونکہ ان کا تعلق بلوچستان سے ہے اور وہ صوبے کے بچوں کے لیے معیاری تعلیم کے خواہاں ہیں، اسی لیے وہ درسی کتب کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ کرنے کے لیے تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ نہ تو کسی میبینہ فروبرد کا حصہ بنیں گے اور نہ ہی کسی دباؤ کے تحت غیر معیاری چھپائی پر رضامند ہوں گے، جس کے باعث انہیں مختلف حیلے بہانوں سے تنگ کیا جا رہا ہے اور دانستہ طور پر چھپائی کے عمل سے بیزار کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ وہ ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں، تاہم بلوچستان میں تعلیم کے معیار، فروغ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ درسی کتب کسی بھی قوم کے مستقبل کی بنیاد ہوتی ہیں اور اگر ابتدا ہی سے بچوں کو غیر معیاری اور ناقص مواد فراہم کیا جائے تو اس کے نتائج نسلوں تک بھگتنا پڑتے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ درانی اور سیکرٹری تعلیم بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ وہ اس سنگین صورتحال کا فوری اور سخت نوٹس لیں، بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں جاری مبینہ بے ضابطگیوں اور چیئرمین ٹیکسٹ بک بورڈ کی بدنیتی پر مبنی اقدامات کی شفاف تحقیقات کروائیں اور ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس معاملے کو نظرانداز کیا گیا تو نہ صرف تعلیمی نظام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا بلکہ عوام کا سرکاری اداروں پر اعتماد بھی مجروح ہوگا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

درخواستیں مطلوب ہیں

بحوالہ مراسلہ نمبر SO(E-II)1-14/2025/2188 تاریخ 19-12-2025 آفیسر مجاز سیکریٹری لائیو سٹاک کی منظوری کے تحت ڈائریکٹر جنرل (فیلڈ) ایکسٹینشن سروسز محکمہ امور حیوانات و ترقیات ڈیری رخشان ڈویژن کے اضلاع کے لوکل و ڈومیسائل امیدواروں سے بنیادی سکیل (BPS-01) کی درج ذیل آسامیوں کے لئے موزوں امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نام آسامی بمعہ سکیل	تعلیمی قابلیت	ضلع خاران	ضلع چاغی	ضلع واشک
اٹینڈنٹ (BPS-01)	خواندہ	03	01	--
چوکیدار (BPS-01)	خواندہ	01	--	--
نائب قاصد (BPS-01)	خواندہ	03	--	01
باورچی (BPS-01)	خواندہ و کھانا پکانا جاننے والے کو ترجیح دی جائے گی۔	01	--	--
خاکروب (BPS-01)	خواندہ	02	--	01
کل تعداد		12	01	02

شرائط و ضوابط۔ (1) مندرجہ بالا خالی آسامیوں کو حکومتی احکامات/قواعد و ضوابط 1991ء کے پالیسی اور (APT Rule 2009) کے تحت پر کیا جائے گا (2) درخواست گزار کی عمر کی حد 18-28 سال ہونی چاہیئے اور بالائی حد کی رعایت حکومتی احکامات کے مطابق دی جائے گی (3) ملازم پیشہ امیدوار اپنی درخواست اپنے محکمہ کے توسط سے ارسال کریں (4) درخواست کے ہمراہ تمام کاغذات (بشمول شناختی کارڈ (CNIC)، لوکل و ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ، تجربہ سرٹیفیکیٹ، تعلیمی اسناد، تین عدد تصاویر) کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کریں (5) کسی آسامی کیلئے درخواست جمع کروانے کے بعد کوئی رد و بدل نہیں کیا جائے گا ... 02-01-2026 ... PRQNo.3629/14-03-2025 مورخہ 15-03-2025 ...

PRQ No.2910/22-12-2025

درخواستیں مطلوب ہیں

بحوالہ مراسلہ نمبر SO(E-II)1-14/2025/2188 تاریخ 19-12-2025 آفیسر مجاز سیکریٹری لائیو سٹاک کی منظوری کے تحت ڈائریکٹر جنرل (فیلڈ) ایکسٹینشن سروسز محکمہ امور حیوانات و ترقیات ڈیری سبی ڈویژن کے اضلاع کے لوکل و ڈومیسائل امیدواروں سے بنیادی سکیل (BPS-01) کی درج ذیل آسامیوں کے لئے موزوں امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نام آسامی بمعہ سکیل	تعلیمی قابلیت	ضلع سبی	ضلع کوہلو	ضلع ہرنائی	ضلع زیارت	ضلع ڈیرہ بگٹی
اٹینڈنٹ BPS-01	خواندہ	02	--	--	04	03
چوکیدار BPS-01	خواندہ	--	05	--	01	03
نائب قاصد BPS-01	خواندہ	--	--	--	02	--
خاکروب BPS-01	خواندہ	--	01	01	01	03
کل تعداد		02	06	01	08	09

شرائط و ضوابط۔ (1) مندرجہ بالا خالی آسامیوں کو حکومتی احکامات/قواعد و ضوابط 1991ء کے پالیسی اور (APT Rule 2009) کے تحت پر کیا جائے گا (2) درخواست گزار کی عمر کی حد 18-28 سال ہونی چاہیئے اور بالائی حد کی رعایت حکومتی احکامات کے مطابق دی جائے گی (3) ملازم پیشہ امیدوار اپنی درخواست اپنے محکمہ کے توسط سے ارسال کریں (4) درخواست کے ہمراہ تمام کاغذات (بشمول شناختی کارڈ (CNIC)، لوکل و ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ، تجربہ سرٹیفیکیٹ، تعلیمی اسناد، تین عدد تصاویر) کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کریں (5) کسی آسامی کیلئے درخواست جمع کروانے کے بعد کوئی رد و بدل نہیں کیا جائے گا ... 02-01-2026 ... PRQNo.3630/14-03-2025 مورخہ 15-03-2025 ...

PRQ No.2912/22-12-2025

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 23 دسمبر 2025ء

پی آئی اے کی نجکاری۔شاندار ماضی سے حال اور اب مستقبل کی توقعات

نجکاری کمیشن آج پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن لمیٹڈ (پی آئی اے سی) کی نجکاری کا عمل شروع کرنے جا رہا ہے میڈیا رپورٹس کے مطابق فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ کے نیلامی کے عمل سے نکلنے کے بعد اب صرف تین بولی دہندگان مقابلے میں رہ گئے ہیں نجکاری کمیشن کے چیئرمین اور وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے بتایا کہ اگر بولیاں ریفرنس قیمت سے زیادہ ہوئیں تو کھلی نیلامی ہوگی، جبکہ اگر بولیاں ریفرنس قیمت سے کم ہوئیں تو سب سے زیادہ بولی لگانے والے کو ترجیح دی جائے گی۔ ایک وقت تھا جب پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کا شمار دنیا کی بہترین ایئرلائنز میں ہوتا تھا، اس کی سروسز مثالی، نظم و ضبط قابلِ تقلید اور مالی حیثیت مستحکم تھی۔ مگر افسوس کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ قومی ادارہ زوال پذیر ہوتا چلا گیا حتیٰ کہ منافع بخش ادارہ خسارے میں ڈوب کر قومی خزانے پر بوجھ بن گیا۔ آج پی آئی اے کی نجکاری کا عمل شروع ہو رہا ہے، جو بلاشبہ ایک تاریخی موڑ ہے اور قومی سطح پر سنجیدہ غور و فکر کا متقاضی ہے۔ پی آئی اے ایشیا کی ان اولین ایئرلائنز میں شامل تھی جنہوں نے جدید جیٹ طیارے متعارف کروائے۔ لندن، نیویارک، پیرس، ٹوکیو اور دیگر بڑے عالمی شہروں تک پی آئی اے کی پروازیں پاکستان کی پہچان بن چکی تھیں۔ پی آئی اے نے نہ صرف اپنی خدمات کے ذریعے بلکہ پیشہ ورانہ تربیت، فلائٹ سیفٹی اور مسافروں کے بہتر سلوک کے ذریعے دنیا بھر میں ایک مثالی ساکھ قائم کی۔ یہاں تک کہ کئی غیر ملکی ایئرلائنز نے پی آئی اے سے تکنیکی اور انتظامی معاونت حاصل کی ماضی میں پی آئی اے ایک منافع بخش ادارہ تھا، جو نہ صرف خود اپنے اخراجات پورے کرتا تھا بلکہ قومی خزانے میں بھی حصہ ڈالتا تھا۔ اس کے ملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیت، نظم و ضبط اور ادارے سے وابستگی مثالی سمجھی جاتی تھی۔ پی آئی اے کی پرواز کو وقت کی پابندی، معیاری کھانے اور باوقار سروس کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانی فخر کے ساتھ پی آئی اے کا انتخاب کرتے تھے۔ تاہم، بدقسمتی سے وقت کے ساتھ ساتھ پی آئی اے سیاسی مداخلت، ناقص پالیسیوں، غیر پیشہ ورانہ تقرریوں اور کرپشن کی نذر ہوتا چلا گیا۔ انتظامی نااہلی نے ادارے کی جڑیں کھوکھلی کر دیں۔ ضرورت سے زیادہ بھرتیاں، خسارے میں چلنے والے روٹس، پرانے طیارے، ناقص مینٹیننس اور فیصلہ سازی میں تاخیر نے پی آئی اے کو شدید مالی بحران میں مبتلا کر دیا۔ نتیجتاً یہ قومی ایئرلائن منافع دینے کے بجائے اربوں روپے کے خسارے میں جانے لگی اور قومی خزانے پر ایک بھاری بوجھ بن گئی۔ گزشتہ دس سے پندرہ برسوں کے دوران پی آئی اے کی نجکاری کا ذکر تو مسلسل ہوتا رہا، مگر عملی طور پر کوئی ٹھوس قدم نہ اٹھایا جا سکا۔ ہر حکومت نے اس مسئلے کو سیاسی حساسیت، ملازمین کے ردعمل اور عوامی جذبات کے باعث مؤخر کیا۔ اس دوران پی آئی اے کی مالی حالت مزید ابتر ہوتی چلی گئی، اس کی سروسز متاثر ہوئیں اور عالمی سطح پر اس کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچا بعض پابندیاں، پروازوں کی منسوخی اور طیاروں کی کمی نے ادارے کو تقریباً مفلوج کر کے رکھ دیا۔ ایسے میں موجودہ حکومت کی جانب سے پی آئی اے کی شفاف اور قابلِ اعتماد نجکاری کا عملی آغاز ایک جرات مندانہ اور تاریخی قدم قرار دیا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ اب محض اعلانات اور بحث سے آگے بڑھ کر عملی اقدام کیا جائے۔ نجکاری کمیشن کی جانب سے اس پورے عمل کو شفاف بنانے کے لئے لائیو نشریات اور اسٹریمنگ کا اہتمام کیا گیا ہے، جو بلاشبہ ایک مثبت مثال ہے اور عوامی اعتماد بحال کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ آج پی آئی اے کی نجکاری کا جو باقاعدہ عمل شروع ہو رہا ہے اس میں تین بڑے بولی دہندگان میدان میں موجود ہیں۔ یہ امر قابلِ توجہ ہے کہ فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ جیسے بڑے ادارے نے نیلامی سے دستبرداری اختیار کی، تاہم اس کے باوجود مضبوط صنعتی اور کاروباری کنسورشیمز کی موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ سرمایہ کار اب بھی پی آئی اے کی صلاحیت پر یقین رکھتے ہیں۔ لکی سیمنٹ، حب پاور، عارف حبیب گروپ اور ایئر بلیو جیسے نام اس عمل کی سنجیدگی اور امکانات کو ظاہر کرتے ہیں۔ نجکاری کے طریقہ کار کے مطابق پی آئی اے کے شاید پچھتر فیصد حصص فروخت کئے جا رہے ہیں، جبکہ پچیس فیصد حصص حکومت کے پاس رہیں گے۔ یہ ماڈل اس لحاظ سے متوازن ہے کہ حکومت ایک حد تک ادارے میں اپنا کردار برقرار رکھے گی، جبکہ انتظامی کنٹرول نجی شعبے کے پاس ہوگا۔ مزید یہ کہ فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کا بڑا حصہ خود پی آئی اے کو ملے گا، جو اس کی بحالی، قرضوں کی ادائیگی اور جدید کاری میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ حکومت نے ادائیگی کے معاملات میں غیر ضروری نرمی سے گریز کیا اور قومی مفاد کو ترجیح دی۔ شفاف طریقہ کار، ریفرنس قیمت کا تعین، کابینہ کی منظوری اور طے شدہ مدت میں ادائیگی کی شرائط اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ حکومت اس بار نجکاری کو سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دینا چاہتی ہے۔ پی آئی اے کی بحالی صرف ایک ادارے کی بحالی نہیں بلکہ قومی معیشت کے لئے بھی اہم ہے۔ پاکستان میں ہوابازی کے شعبے کا جی ڈی پی میں حصہ انتہائی کم ہے، جبکہ خطے کے دیگر ممالک میں یہ شعبہ معیشت کا ایک اہم ستون بن چکا ہے۔ اگر درست حکمت عملی، جدید انتظام اور پیشہ ورانہ سوچ کے ساتھ اس ادارے کو چلایا جائے تو یہ دوبارہ منافع بخش بن سکتا ہے۔ تاہم، نجکاری کے اس عمل کے ساتھ ساتھ یہ ضروری ہے کہ ملازمین کے حقوق، قومی مفادات اور سروس کے معیار کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ ماضی کے تجربات یہ بتاتے ہیں کہ محض نجکاری ہی تمام مسائل کا حل نہیں، بلکہ شفاف نگرانی، واضح اہداف اور طویل المدتی پالیسی ناگزیر ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ اس عمل کے بعد بھی ادارے پر نظر رکھے تاکہ پی آئی اے ایک بار پھر اپنے شاندار ماضی کی جھلک دکھا سکے۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں پی آئی اے کی نجکاری ایک مشکل مگر ناگزیر فیصلہ تھا۔ اگر یہ عمل شفاف، منصفانہ اور قومی مفاد کو مدنظر رکھ کر مکمل کیا گیا تو یہ نہ صرف پی آئی اے بلکہ پاکستان کی فضائی صنعت اور معیشت کے لئے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔ قوم کی نظریں اس عمل پر جمی ہیں اور امید کی جا رہی ہے کہ یہ قومی اثاثہ ایک بار پھر بلند پرواز کرے گا اور دنیا بھر میں ایک بار پھر پاکستان کا نام روشن کرے گا۔

غزہ کے لیے امن فوج اور سفارتی زبان کی باریکیاں

برملا — نصرت جاوید



دوروزہ اپوزیشن کانفرنس اور سیاست کا پرانا دائرہ

منظرنامہ

قیمتی سرمایہ

خیالات

مارگلہ ... جنگل کہانی

خورشید ندیم

حقیقی مذہبیت کا ایک تقاضا

روبرو — شاہنواز فاروقی

تحریک انصاف کی قومی کانفرنس میں نئے احتجاج کا اعلان

تاثرات — سید مجاہد علی



کرپٹو فنانسنگ ،ترسیلات زر اور قرضے

دسترس



عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ اہم اور رانگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" کسی دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام
دوکان نمبر 34/119 رقبہ 120 فٹ واقع ترک اڈہ سٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ جو کہ اس وقت 1۔ سازمین بی بی 2۔ بی بی راضیہ 3۔ رضا محمد 4۔ عبدالباقی 5۔ عبدالرازق 6۔ عبدالمالک 7۔ عبدالمنان کے نام ہے ٹرانسفر بنام موسیٰ کلیم ولد محمد رحیم کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے آفس سے رابطہ کریں
R.No............62559

گمشدگی قومی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5410134809639 بنام محمد ادریس ولد گل محمد سکنہ جو چکی یک مچھ ڈاکخانہ دالبندین تحصیل دالبندین ضلع چاغی سی اپنا کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں عبدالستار کشانی دالبندین۔

گمشدگی موٹر سائیکل واؤچر
میرا موٹر سائیکل واؤچر انجن نمبر T928494 چیسز نمبر EC613477 بنام خان محمد ولد نظر محمد دوران سفر بھوسہ منڈی کے آس پاس کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03098590577 مطلع کریں نمائندہ وحیدی اڈہ............

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5620209516965 بمعہ کینٹ پاس کارڈ کے ساتھ کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03130813375 پر مطلع کریں انسپکٹر محمد قاسم ولد حاجی عبداللہ جان نمائندہ خانوزئی............

نوجوان طبقہ حکومت اور سپورٹس حکام کی توجہ سے محروم کیوں۔۔۔؟

کل اسپورٹس کے حوالے سے ہمارا وزٹ ایک یادگاری حیثیت رکھتا ہے۔ جب میں گھر سے نکلا تو فوراً اپنے دوست شائستہ خان لانگو سے فون پر رابطہ کیا، جن کے ہمراہ محمد قاسم لانگو بھی موجود

تحریر عابد عمر

تھے۔ ہم تینوں نے مل کر سریاب کے مختلف اسپورٹس مقامات کا دورہ کیا تاکہ وہاں موجود نوجوانوں کے حالات کا قریب سے جائزہ لیا جا سکے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ سریاب کے نوجوان کھلاڑی آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، مگر اس کے باوجود ان کا حوصلہ اور جذبہ قابلِ داد ہے۔ سب سے پہلے ہم نے بلوچستان لائبریری کا دورہ کیا۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہاں طلبہ کے لیے ایسی سہولیات موجود نہیں تھیں کہ وہ بیٹھ کر مطالعہ کر سکیں۔ لائبریری میں صرف ایک طالب علم موجود تھا۔ سردی کی شدت کے باعث طلبہ کی آمد نہ ہونے کے برابر تھی، مگر یہ بات طے ہے کہ اگر سہولیات فراہم کی جائیں تو طالب علم ضرور علم کی طرف راغب ہوں گے۔ اس کے بعد ہم نے بلوچستان باندہ کراٹے اینڈ کک باکسنگ کلب کا وزٹ کیا۔ کلب میں تمام کھلاڑی اپنے کھیل میں مصروف نظر آئے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وسائل کی کمی کے باوجود جذبہ زندہ ہے۔ تاہم یہاں سب سے بڑا مسئلہ بجلی کی عدم دستیابی تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ جمناسٹک اور ٹریننگ سامان کی کمی بھی واضح تھی۔ کھلاڑیوں کے چہروں پر مایوسی ضرور تھی، مگر آنکھوں میں آگے بڑھنے کی امید بھی جھلک رہی تھی۔ بعد ازاں ہم نے فٹبال گراؤنڈ کا دورہ کیا، جہاں کھلاڑی کھیل میں مصروف تھے اور ایک دوسرے کو پاسنگ کرتے ہوئے اپنی مہارت کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ گفتگو کے دوران کھلاڑیوں نے بتایا کہ گراؤنڈ میں بجلی کا شدید مسئلہ ہے، شام کے بعد کھیلنا دشوار ہو جاتا ہے جبکہ پانی کی سہولت بھی دستیاب نہیں۔ یہ مسائل ان کے کھیل کے راستے میں بڑی رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ یقیناً ہمارے نوجوان کھلاڑی اپنے کھیل کے ذریعے ملک و قوم کا نام روشن کرنا چاہتے ہیں، مگر افسوس کہ وہ ہر بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ اگر آج ہم نے ان نوجوانوں کی آواز نہ سنی اور ان میدانوں کو آباد نہ کیا تو آنے والا کل ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گا

ڈیرہ مراد جمالی: ایس ایس پی غلام سرور بھیو منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوستہ محمد پولیس بے لگام گھوڑا بن چکا ہے، میر شوکت لہڑی
سندھ پولیس کی طرح چادر و چار دیواری کی پامالی کر رہی ہے، سنی تحریک

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے سینئر نائب صدر ایڈووکیٹ میر شوکت لہڑی نے کہا ہے کہ اوستہ محمد پولیس بے لگام گھوڑا بن چکا ہے سندھ پولیس کی طرح چادر و چار دیواری کی پامالی کر رہی ہے بغیر سرچ وارنٹ اور لیڈی کانسٹیبل کے گھروں میں گھس کر غیر قانونی حرکت کر رہے ہیں پاکستان سنی تحریک رہنما کے گھروں میں چادر و چار دیواری کی پامالی کی پرزور مذمت کرتے ہیں آئی جی پولیس بلوچستان اس جانب نوٹس لے ورنہ دمادم مست قلندر ہوگا ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے سینئر نائب صدر ایڈووکیٹ میر شوکت لہڑی نے مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ او استہ محمد اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کر رہے ہیں چادر اور چار دیواری کی تقدس پامال کر رہے ہیں جس کی پاکستان سنی تحریک ہرگز اجازت نہیں دے گی انہوں نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نام نہاد ایس ایچ او غازی ہوش کے ناخن لے اور مظلوم شریف شہریوں کو ہراساں کرنا بند کریں اور اپنا قبلہ درست کریں بقول ان کے چند نام نہاد ایس ایچ او کے اشرباد حاصل کرنے والوں نے انہیں غازی کا لقب دے کر ایس ایچ او کو غرور اور بے لگام کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے غازی بننے کے لیے لازوال قربانیاں دینی پڑتی ہے

عوامی اتحاد اور منظم جدوجہد ہی استحصالی نظام کا واحد حل ہے، کمیونسٹ پارٹی ماؤ و بزگر کمیٹی
پاکستان میں وسائل پر ایک محدود اشرافیہ قابض ہے جبکہ 25 کروڑ عوام بدترین استحصال کا شکار ہیں
محنت کش، کسان اور مزدور اپنی محنت کی قیمت خود طے کرنے سے محروم ہیں، امداد قاضی، احسان اللہ

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد میں کمیونسٹ پارٹی و بزگر کمیٹی کے زیر اہتمام، بیاد کامریڈ شہدائے پٹ فیڈر کارپوریٹ فارمنگ، نئے کینالوں کی تعمیر اور بلوچستان کے قدرتی وسائل پر قبضے کے خلاف ایک احتجاجی کانفرنس اور ریلی نکالی گئی، جس میں کسانوں، آبادکاروں، مزدوروں اور مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سیکریٹری جنرل امداد قاضی، احسان اللہ جی ایم جمالی احمد علی جمالی نیک محمد کاکڑ محمد صدیق صوبائی صدر کامریڈ فرہاد رند، عبدالحفیظ جمالی محمد علی اور دیگر مرکزی و صوبائی قائدین نے کہا کہ جب سرمایہ دار طبقہ اقتدار میں آتا ہے تو وہ جابرانہ طرزِ حکمرانی کو فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوگر مل مالکان، خصوصاً اومنی گروپ، طویل عرصے تک کسانوں کو واجبات کی ادائیگی سے گریزاں رہے، تاہم کسانوں کی منظم جدوجہد کے نتیجے میں شوگر مل مالکان کو گنے کی قیمت 400 روپے سے بڑھا کر 570 روپے فی من کرنے پر مجبور ہونا پڑا اور بند شوگر ملیں دوبارہ فعال ہوئیں۔ مقررین نے کہا کہ سندھ میں سرہاری کمیٹی اور دیگر ترقی پسند پلیٹ فارمز کے ذریعے کسانوں اور آبادگاروں کو متحد کیا گیا، جس کے نتیجے میں گزشتہ دس برسوں کے دوران کم از کم ڈیڑھ ارب روپے کے واجبات کسانوں کو واپس دلوائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وسائل پر ایک محدود اشرافیہ قابض ہے جبکہ 25 کروڑ عوام بدترین استحصال کا شکار ہیں۔ محنت کش، کسان اور مزدور اپنی محنت کی قیمت خود طے کرنے سے محروم ہیں، جبکہ حکمران طبقہ منڈی کے نام پر فصلوں کی امدادی قیمت مقرر کرنے سے انکار کرتا ہے۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے ٹیکسوں، مہنگائی، تعلیم و صحت کی ناکافی سہولیات، بیرونی قرضوں اور ریاستی جبر پر شدید تنقید کی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ عوام کو نہ مکمل تعلیم فراہم کی جا رہی ہے، نہ معیاری علاج کی سہولت میسر ہے اور نہ ہی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کانفرنس میں بلوچستان، سندھ اور دیگر محروم علاقوں میں جاری احتجاجی تحریکوں کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا کہ عوامی اتحاد اور منظم جدوجہد ہی استحصالی نظام کا واحد حل ہے۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ کارپوریٹ فارمنگ اور وسائل پر قبضے کے تمام منصوبے فوری طور پر ختم کیے جائیں اور کسانوں و مزدوروں کو ان کا جائز حق دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر میں جاگیرداری اور سرمایہ دارانہ نظام نے غریب کسان اور مزدور کو غلام بنا رکھا ہے۔ بزگر، کسان اور دیہی محنت کش صدیوں سے زمین پر محنت کر رہے ہیں مگر انہیں ان کی محنت کا مناسب صلہ نہیں دیا جاتا۔ جاگیردارانہ بزگر نظام کے تحت کسانوں کا استحصال مسلسل جاری ہے انہوں نے آخر میں عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ جاگیرداری، سرمایہ داری اور استحصالی نظام کے خلاف متحد ہو کر جدوجہد کریں

لورالائی سردار باز محمد جوگیزئی فٹبال سٹیڈیم اور گراؤنڈ غیر فعال

لورالائی (آن لائن) سابق صوبائی وزیر عبیداللہ جان بابت کے دور میں تقریباً دس سال قبل عوام کے ٹیکس سے حاصل شدہ کروڑوں روپے سے بننے والا سردار باز محمد جوگیزئی پارک میں فٹبال سٹیڈیم اور گراؤنڈ مکمل رقم نکلنے کے باوجود بھی ابتک غیر فعال ہے اور اس وقت کھنڈر بننے کی جانب گامزن ہے پانچ سال کے بعد نئے بننے والے نمائندے اور نئی حکومتیں پرانے پراجیکٹس کو سائیڈ پر کر کے نئے بجٹ سے نئے منصوبے کرپشن اور کمیشن کے لیے بناتے ہیں اور کچھ تبصرہ نگار اسے سیاسی اختلافات اور بغض بھی گردانتے ہیں اسی بغض کی وجہ سے پراجیکٹس کو متعلقہ محکمے کے حوالے نہ کرنا اور اسکی نگرانی کے لیے چوکیدار مقرر نہ کرنے کی وجہ سے عمارت دن بدن کھنڈر کا منظر پیش کر رہی ہے عمارت کے دروازے اور کھڑکیاں اس وقت غائب ہیں یا چوری ہو چکے ہیں افسوسناک امر تو یہ ہے کہ عوام کے ٹیکس کے پیسوں سے بننے والی بلڈنگ کرپشن اور پرسنٹیج کی خاطر عوام کو سہولیات ملنے کے بجائے وبال جان بنتے جا رہے ہیں عوامی حلقوں نے چیف سیکریٹری اور سیکریٹری سپورٹس سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سردار باز محمد خان جوگیزئی سٹیڈیم اور گراؤنڈ کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور اسکے فعال نہ ہونے کی انکوائری کرائی جائے

محمد عامر ولد کامریڈ حاجی سرور محمد زئی کا تعلیمی اعزاز

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی سے نیشنل پارٹی کے رہنماء کامریڈ حاجی سرور محمد زئی کے فرزند محمد عامر نے کوئٹہ میں کیمبرج گروپس آف سکول اینڈ کالجز میں جماعت سوئم میں سالانہ امتحانات 2025 میں فرسٹ پوزیشن حاصل کر کے اپنے علاقے اور ضلع کا نام روشن کیا ہے جو کہ نوکنڈی کے لئے ایک اعزاز ہے محمد عامر کو کیمبرج جیسے ادارے میں پورے بلوچستان کے بچوں کے مقابلہ میں ٹاپ پوزیشن پہ آنا انتہائی حوصلہ افزاء بات ہے جس پر اہلیان نوکنڈی کی جانب سے محمد عامر اور انکے والدین کو مبارکباد پیش کی گئی ہے

ڈیرہ بگٹی میں کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا باقاعدہ اجراء

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ڈیرہ بگٹی میں کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا باقاعدہ اجرا کر دیا گیا، جس کا افتتاح ڈسٹرکٹ چیئرمین وڈیرہ غلام نبی بگٹی نے کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر میر حسنین ابڑو اور تحصیلدار بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ چیئرمین وڈیرہ غلام نبی بگٹی نے کہا کہ کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا قیام شہریوں کے لیے چیف منسٹر بلوچستان کی جانب سے ایک اہم تحفہ ہے، جس سے اسلحہ لائسنس کے حصول کا عمل شفاف، آسان اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہو گیا ہے۔

چمن، غیر قانونی پیٹرول پمپوں کے خلاف کارروائی، 37 پمپس سیل
صوبائی حکومت کے فیصلے کے مطابق ایرانی پیٹرول پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے
غیر قانونی پیٹرول کی خرید و فروخت روکنا، حکومتی رٹ بحال کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے

چمن (خ ن) اے سی امتیاز علی بلوچ نے شہر کے مختلف علاقوں میں آج دوسرے روز بھی غیر قانونی پیٹرول پمپوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 37 پیٹرول پمپس کو سیل کر دیا گیا اس کارروائی کے دوران لیویز فورس بھی ان کے ہمراہ تھی۔ اس موقع پر اے سی چمن نے کہا کہ صوبائی حکومت کے فیصلے کے مطابق ایرانی پیٹرول پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے لہٰذا شہر میں غیر قانونی پیٹرول کی خرید و فروخت کو روکنا اور حکومتی رٹ کو بحال کرنا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور تمام شہریوں کو قانون کی پاسداری اور اپنے کاروباری سرگرمیوں کو قانونی طور پر جاری رکھنے کا حق ہے اور حکومتی رٹ چیلنج کرنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ آج کے بعد غیر قانونی پیٹرول پمپس کو کسی صورت کاروبار شروع نہیں کرنے دیا جائے گا۔

نصیر آباد: ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی فرید الحق لہڑی بجٹ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، نرسوں کی خدمات کے حوالے سے تقریب کا انعقاد
نمائش میں نرسوں کی مہارت، ذمہ داری اور مریضوں کی دیکھ بھال کو اجاگر کیا گیا
نمائش کا مقصد عوام کو نرسوں کے کلیدی کردار اور جدید تربیت سے آگاہ کرنا تھا، مقررین

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The firm/contractor must have a valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed for the year 2025–26 in the relevant category C-6 & C-5 or above, along with the relevant specialization code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2% specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firm/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- for each tender mentioned above must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 12/01/2026 at 1:00 pm and S.No.3 can only be submitted electronically through supplier dashboard. **Tender Opening:** The all bids will be opened on 12/01/2026 at 2:00 pm, before the procurement committee in the presence of firm// contractors or their authorized representatives/agents and S.No.3 will be open on EPS system. Place of issuance and submission will be: - Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Naseerabad Division at D.M Jamali Telephone No. 0333787188 Fax No. 0829668307

Bid Validity Period: Ninety (90) Days. Email: xenupnddnbatdmj78@gmail.com.

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Naseerabad Division at D.M Jamali

PRQ No.2894/22-12-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 ڈیجیٹل پلیٹ فارم

تمام ضروری تصدیق کے بعد یہ درخواست کسان کی پسند کے بینک کو پراسیسنگ کے لیے بھیج دی جائے گی فنانسنگ کا 75 فیصد حصہ زرعی سامان کی خریداری کے لیے بینکوں کے منظور شدہ زرعی وینڈرز کے ذریعے اشیا کی صورت میں فراہم کیا جائے گا۔ فنانسنگ کے علاوہ، کسان کو لینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم (LIMS) کے ذریعے زرعی مشاورت کی سروسز بھی دی جائیں گی۔ زرخیزی پلیٹ فارم فنانسنگ کے ساتھ معیاری زرعی اشیاء اور کسانوں کی مشاورت کے ذریعے پیداوار میں بہتری لائے گی۔ چھوٹے کسانوں کو فنانسنگ کی فراہمی کے لیے بینکوں کی حوصلہ افزائی کے طور پر حکومت نے 10 فیصد فرسٹ لاس کوریج اور بینکوں کے واجب الادا قرض داروں میں خالص اضافہ پر فی کس دس ہزار روپے کی آپریشنل لاگت سبسڈی بھی فراہم کی ہے۔ وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ یہ اقدام چھوٹے کسانوں کے لیے قرضہ جات تک رسائی کو آسان بنا کر دیہی ترقی اور قومی غذائی تحفظ کے لیے حکومت کے وسیع تر مقاصد کی حمایت کرتا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا کہ زرخیزی ایپ چھوٹے کسانوں کی فنانس تک رسائی بہتر بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ قرضہ حاصل کرنے کا عمل ڈیجیٹل بنا کر ہم چھوٹے کسانوں کے لیے رکاوٹیں ختم کر رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ زرعی قرضہ جات بروقت، قابل رسائی اور فصلوں کی پیداوار میں کسانوں کو مدد دیں، زرخیزی دیہی معیشت میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کا ہدف حاصل کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے چیئرمین ظفر مسعود نے اس سلسلے میں بینکاری شعبے کے اجتماعی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بینکنگ انڈسٹری زرخیزی ایپ کے کامیاب نفاذ کے لیے پرعزم ہے۔ ہم وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھیں گے تاکہ ملک بھر کے کسانوں تک رسائی کو بڑھایا جا سکے اور طریقہ کار کو آسان بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور اختراعی کریڈٹ اسیسمنٹ طریقوں سے استفادہ کرتے ہوئے، ہمارا مقصد چھوٹے کسانوں، خصوصاً ان بے زمین کسانوں کے لیے فنانس تک رسائی بہتر بنانا ہے جو بڑی حد تک غیر دستاویزی شعبے میں کام کر رہے ہیں۔ زرخیزی ایپ اب گوگل پلے اسٹور پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے جبکہ کسان ڈیجیٹل آن بورڈنگ میں مدد کے لیے اپنے قریبی بینک کی کسی بھی برانچ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بقیہ 2 واشنگٹن ٹائمز

میں انقلابی تبدیلی کا سال قرار دیا گیا ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن ٹائمز نے لکھا کہ 2025 میں واشنگٹن کا ''انڈیا فرسٹ'' دور ختم ہوا اور پاکستان کو فوقیت حاصل رہی، امریکی پالیسی شفٹ کی بنیاد مئی کی پاک بھارت جنگ تھی، پاکستان کی ملٹری کارکردگی نے ٹرمپ کو حیران کر دیا۔ واشنگٹن ٹائمز کے آرٹیکل میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اور امریکی صدر ٹرمپ کے تعلقات کا خصوصی تجزیہ بھی شامل کیا گیا ہے۔ اخبار کے مطابق پاکستان ناپسندیدہ ریاست سے شراکت دار ملک بن گیا، ٹرمپ کی جنوبی ایشیا پالیسی میں پاکستان کو مرکزی ستون قرار دیا گیا ہے، ابتدا میں بھارت کو کواڈ اور دیگر فورمز کے ذریعے بالادست بنانے کی سوچ تھی اور اسلام آباد کو سائیڈ لائن کرنے کی توقع کی جا رہی تھی تاہم بھارت کے سیاسی حالات، شخصی آزادیوں پر پابندیاں، غیر یکساں ملٹری پرفارمنس اور سفارتی سختی نے بھارت کو ریجنل اسٹیبلائزر کے طور پر مشکوک بنا دیا۔ امریکی اخبار نے لکھا کہ پاک امریکا تعلقات میں پہلا کھلا اشارہ انسداد دہشت گردی کے تعاون سے آیا، اس سے واشنگٹن کو سیکیورٹی تعاون کا واضح اشارہ ملا، مارچ میں ٹرمپ نے قومی خطاب میں پاکستان کی غیر متوقع تعریف کی، جس نے واشنگٹن میں پالیسی کا رخ بدل دیا، اسلام آباد نے موقع فوراً کیش کیا، ہر محدود تعاون غیر متوقع کریڈٹ میں بدلتا گیا اور فیصلہ کن موڑ پاک بھارت مئی جنگ کے بعد آیا۔ جریدے کے مطابق پاکستانی ڈسپلن، اسٹریٹجک فوکس، اسٹریٹجک کمپیٹنسی کو امریکی توقعات سے کہیں زیادہ قرار دیا گیا، اسی لیے پاکستان کو دوبارہ سنجیدہ ریجنل ایکٹر کے طور پر دیکھا جانے لگا، مئی جنگ کے بعد ٹرمپ کے لیے اسٹریٹجک نقشہ ری ڈرا ہوا، پاکستان کو جنوبی ایشیا ویژن کو اینکر کرنے والا Emerging Asset قرار دیا گیا۔ واشنگٹن پوسٹ کے آرٹیکل میں کہا گیا کہ پاکستان کی ملٹری ماڈرنائزیشن کو نئی عالمی اہمیت ملی، کمانڈ اسٹرکچر میں اوور ہال ہوا اور چیف آف ڈیفنس فورسز کا عہدہ فعال بنایا گیا، اس عہدے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا نام نمایاں طور پر لیا گیا، بطور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ان کے کردار کو بھی سراہا گیا، سیز فائر پر بھارت کا سرد رویہ ٹرمپ کو ناگوار گزرا جبکہ پاکستان نے امریکی ثالثی کو قدر اور شکر گزاری سے قبول کیا۔ امریکی اخبار نے لکھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر ٹرمپ کے ان سرکل کے اسٹار بن کر ابھرے، ٹرمپ عاصم تعلق کو ہاف جوکنگ ''برومانس'' کہا گیا، عاصم منیر کو Disciplined Dark Horse اور HorseDarkDisciplined جیسے القابات دیے گئے، وائٹ ہاؤس میں لنچ میٹنگ کو کسی پاکستانی ملٹری ہیڈ کیلئے پہلی مثال قرار دیا گیا۔ جریدے کے مطابق فیلڈ مارشل کا پینٹاگون ہیڈکوارٹرز میں ریڈ کارپٹ استقبال ہوا، امریکی عسکری قیادت کے ساتھ اعلیٰ سطحی اسٹریٹجک بات چیت کی گئی، 2026 کے آغاز پر پاکستان کو ٹرمپ کی گرینڈ اسٹریٹجی کے مرکز کے قریب دیکھا جا رہا ہے، نئی امریکی پالیسی کی پائیداری دہلی اور اسلام آباد کے رویے سے مشروط رہے گی 2025 میں امریکی پالیسی اور جنوبی ایشیا کا توازن ری رائٹ کرنے میں پاکستان اور فیلڈ مارشل نے اصل کردار ادا کیا۔

بقیہ 3 بنگلادیش

کا کہنا ہے کہ یہ اقدام اس واقعے کے 2 دن بعد سامنے آیا ہے جب کچھ لوگوں نے نئی دہلی میں بنگلادیش مشن کے باہر احتجاج کیا تھا۔ بنگلادیش کے خارجہ امور کے مشیر توحید حسین کے مطابق انہیں ایسی اطلاعات موصول ہوئیں کہ مظاہرین کی جانب سے ہفتے کی شام ہائی کمشنر ریاض حمید اللہ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں۔ دوسری جانب گزشتہ روز چٹاگانگ میں انڈین ویزا ایپلیکیشن سینٹر نے بھی بھارتی اسسٹنٹ ہائی کمیشن کے اطراف سیکیورٹی صورت حال کے باعث اپنی سرگرمیاں معطل کر دیں۔ گزشتہ ہفتے ڈھاکا، کھلنا اور چٹاگانگ میں بھی احتجاج کے دوران ویزا مراکز جزوی طور پر بند رہے تھے۔ اطلاعات کے مطابق حالیہ کشیدگی کے تناظر میں دونوں ممالک کے ہائی کمشنرز کو بھی طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 4 سرحد کی بندش

400 سے 700 افغانی تک اضافہ ہوا ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ 16 لیٹر کوکنگ آئل کی قیمت میں تقریباً 500 افغانی اضافہ ہوا ہے، چاول کی بوری 700 افغانی تک مہنگی ہو چکی ہے جبکہ آٹے کی بوری کی قیمت میں تقریباً 400 افغانی کا اضافہ ہوا ہے۔ دکانداروں کے مطابق 16 لیٹر کوکنگ آئل جو پہلے 1550 افغانی میں فروخت ہوتا تھا اب 2000 افغانی سے زائد میں مل رہا ہے، اسی طرح چاول کی بوری کی قیمت 2300 افغانی سے بڑھ کر تقریباً 3000 افغانی ہو گئی ہے جبکہ آٹے کی بوری 1400 افغانی سے بڑھ کر 1800 افغانی تک جا پہنچی ہے۔

بقیہ 5 زیارات مقدسہ

کی۔ علاوہ ازیں انہوں نے کاظمیہ مقدسہ میں امام موسیٰ الکاظمؑ اور امام محمد تقی الجوادؑ کے روضوں پر حاضری دی، صدر مملکت نے روضہ؟ کاظمیہ میں امت مسلمہ کے لیے امن، اتحاد اور سلامتی کے لیے دعا کی۔ بعد ازاں انہوں نے زائرین کی کتاب میں اپنے تاثرات قلمبند کیے۔ صدر مملکت نے ائمہ؟ اہل بیت کی تعلیمات کو علم، صبر، حکمت اور اخلاقی قوت کا دائمی سرچشمہ قرار دیا۔

بقیہ 6 پی آئی اے نجکاری

رکھنے والی کمپنیوں کو (آج) منگل کو نجکاری کمیشن نے بولی کے عمل کی باضابطہ دعوت دے دی۔ قومی ایئرلائن پی آئی اے کے کل اثاثہ جات کی مالیت 150 ارب سے 190 ارب روپے کے درمیان ہیں، پی آئی اے کے پاس 34 طیارے اور 90 سے زائد روٹس شامل ہیں۔ پی آئی اے اس یومیہ 70 پروازوں کو ملکی و بین الاقوامی روٹس پر آپریٹ کرتا ہے، پی آئی اے کی یومیہ 45 بین الاقوامی اور 25 ڈومیسٹک پروازیں شامل ہیں۔ پی آئی اے موجودہ وقت میں 18 انٹرنیشنل اور 13 ڈومیسٹک روٹس پر پروازیں چلا رہی ہے، پی آئی اے کے پاس بوئنگ ٹرپل سیون، ایئربس اور اے ٹی آر طیارے بیڑے میں شامل ہیں۔ اس وقت 34 میں سے صرف 18 جہاز آپریشنل ہیں 16 گراؤنڈ ہیں، پی آئی اے کے مجموعی ملازمین ساڑھے 9 ہزار ملازمین ہیں۔

بقیہ 7 تقی عثمانی

مذہب قرار دیا گیا ہے، 27ویں آئینی ترمیم میں عدلیہ پر قدغن لگائی گئی۔ کراچی میں مجلس اتحاد امت پاکستان کے تحت مشاورتی اجتماع سے خطاب میں مفتی تقی عثمانی نے کہا کہ 27ویں آئینی ترمیم میں بہت سے امور متنازع ہیں، 27ویں آئینی ترمیم میں عدلیہ پر قدغن لگائی گئی ہے

بقیہ 8 فیلڈ مارشل

کے سرکاری دورہ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر اور سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی جن میں علاقائی سلامتی کی صورتحال، دفاعی و عسکری تعاون، سٹریٹجک اشتراک اور بدلتے ہوئے جغرافیائی و سیاسی چیلنجز شامل تھے۔ ملاقات نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گہرے، تاریخی اور برادرانہ تعلقات کی ایک بار پھر توثیق کی۔ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے جاری کردہ شاہی فرمان کے تحت پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مملکت سعودی عرب کے اعلیٰ ترین قومی اعزاز کنگ عبدالعزیز میڈل سے بھی نوازا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ اعزاز فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ممتاز عسکری خدمات اور قیادت، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون، سٹریٹجک ہم آہنگی اور ادارہ جاتی روابط کو فروغ دینے میں ان کے کلیدی کردار کے اعتراف کے طور پر دیا گیا، یہ اعزاز علاقائی امن و استحکام، خصوصاً انسداد دہشت گردی اور سلامتی کے شعبوں میں مسلسل تعاون کے لیے ان کی خدمات کا بھی عکاس ہے۔ سعودی قیادت نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور سٹریٹجک وژن کو سراہتے ہوئے دونوں ممالک کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے ان کے عزم کی تعریف کی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اس اعزاز پر خادم حرمین شریفین اور سعودی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین مضبوط اور پائیدار تعلقات کی علامت قرار دیا، انہوں نے سعودی مملکت کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 9 منشیات سمگل

ناکام بنا دی۔ تفصیلات کے مطابق اے این ایف نے خفیہ اطلاعات پر ضلع کیچ میں سیٹلائٹ ٹاؤن کے قریب کارروائی کرتے ہوئے منشیات برآمد کی۔ ذرائع کے مطابق برآمد شدہ منشیات میں 99 کلو آئس، 50 کلو افیون اور 73 کلوگرام چرس شامل ہیں، ضبط کی گئی منشیات کی مجموعی مالیت تقریباً 3 کروڑ 26 لاکھ روپے ہے۔

بقیہ 10 انڈر 19

کا اعلان کیا۔ وزیراعظم کی جانب سے ایشین انڈر 19 چیمپئن ٹیم کے اعزاز میں استقبالیہ کیا گیا، شہباز شریف نے تمام کھلاڑیوں کا خود استقبال کیا۔ وزیراعظم کے ہمراہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی، وفاقی وزرا اور کابینہ ارکان بھی موجود تھے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے فرداً فرداً تمام کھلاڑیوں سے مصافحہ کیا، وزیراعظم نے بھارت کے خلاف بہترین کارکردگی پر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ ذرائع کے مطابق شہباز شریف نے کہا کہ آپ لوگوں نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کر دیا، بھارت کو بدترین شکست پر میں آپ سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 11 نوازا گیا

اعزازی ڈگری سے نوازا گیا۔ گورنر ہاؤس کراچی میں خصوصی کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا، جہاں سرسید یونیورسٹی کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری عطا کی گئی۔ جے یو آئی کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری، علامہ راشد محمود سومرو بھی تقریب میں شریک تھے۔

بقیہ 12 جعفر مندوخیل

انحصار تجارت اور زراعت کے شعبوں کو مضبوط اور مستحکم بنانے سے ہی مشروط ہے۔ سرحدی علاقوں کی تاجر برادری اور وہاں بسنے والے غریب عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کا ہمیں خوب احساس ہے۔ سرحد کی بندش سے مقامی افراد کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے تاہم موجودہ حکومت تاجروں کے تمام مسائل کا پائیدار حل ڈھونڈنے اور تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کے استحکام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پشتون قومی اور قبائلی جرگہ کے مرکزی کنوینر خان امان اللہ خان اور وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے یوتھ افیئرز و بلوچستان حیدر خان اچکزئی کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو باڈر ٹریڈ، پاک افغان بارڈر پر آباد تمام تاجر برادری اور چمن کے عوام کو مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت گوں ناگوں مسائل سے دوچار ہیں۔ گورنر مندوخیل نے قلعہ عبداللہ بالخصوص چمن کے عوامی مسائل و مشکلات کو غور اور توجہ سے سنا اور انکے حل کے حوالے سے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ 13 پلوں کی تعمیر

کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان محمد اسحاق ناصر نے رفیق بلوچ، پروجیکٹ ڈائریکٹر چیف منسٹر پیکج فار کوئٹہ ڈویلپمنٹ (CMPQD) کے ہمراہ ویسٹرن بائی پاس روڈ اور زرغون روڈ کے متعلق منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت سے متعلق تصویری شواہد کے ساتھ رپورٹ پیش کی۔ عدالت نے پراجیکٹس کے دو حصے جو تسلی بخش قرار دیے گئے، ریکارڈ کا حصہ بنا لیے۔ عدالت کے نوٹس پر موجود ایڈووکیٹ ایسٹر مہک نے یادگار کی بروقت تکمیل سے متعلق تجاویز پیش کرتے ہوئے بتایا کہ میٹرو فاسٹ ٹریک کے متعلقہ حکام PD، CMPQD کے ساتھ مکمل تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ کرسمس کے پیش نظر تعمیراتی کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ عدالت نے PD کو ہدایت کی کہ وہ فوری ضروری اقدامات کرتے ہوئے تعمیراتی کام میں تیزی لائیں اور بطور اولین ترجیح امداد چوک کے کونے پر توجہ مرکوز کریں۔ سریاب سروس روڈ اور اسٹارم واٹر ڈرین سے متعلق پیش رفت رپورٹ بھی عدالت میں پیش کی گئی، جس کے مطابق طوفانی پانی کا ڈرین 98 فیصد تک مکمل ہو چکا ہے۔ مجموعی لمبائی

کوئٹہ میں ناقص لوکل بسوں کیخلاف کارروائی کی رپورٹ عدالت میں پیش

ٹریفک وٹرانسپورٹ نظام سے متعلق دائر کردہ آئینی درخواست کی سماعت، الیکٹرک گاڑیوں کیلئے روٹس کا نقشہ بھی جمع

بار بار عدالتی ہدایات کے باوجود فنڈز کا اجراء نہیں کیا گیا، سیکرٹری خزانہ کو ذاتی طور پر عدالت میں پیش ہونا ہوگا، چیف جسٹس

کوئٹہ میں کالے شیشوں، فینسی نمبر پلیٹس اور ڈبل روڈ پر غلط پارکنگ کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، عدالت کو آگاہی فراہم

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے جلیلہ حیدر کی جانب سے ٹریفک وٹرانسپورٹ نظام سے متعلق دائر کردہ آئینی درخواست بنام حکومت بلوچستان ودیگر کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ماہر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کی جانب سے سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) کوئٹہ ڈویژن کی تعمیلی رپورٹ عدالت میں پیش کی گئی، جس کے ساتھ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے مجوزہ روٹس کا نقشہ بھی جمع کرایا گیا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ٹریفک پولیس کوئٹہ نے ہائی لائٹ ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے چچازاد بھائی بگٹی اقوام کے چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی اور سابق صوبائی وزیر بسم اللہ کاکڑ کی وفات پر دعا مغفرت کی جا رہی ہیں

بلوچستان کی اسکیمیں گراؤنڈ کی بجائے ڈرائنگ روم میں بنتی ہیں، شعیب نوشیروانی

ناگ تا واشک روڈ 70 کلومیٹر پر تعمیراتی کام دو سال گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہوا، رکن زاہد ریکی

منصوبے کا پی سی ون درست نہیں، ایسی اسکیموں کو فنڈز جاری نہیں کرتے، صوبائی وزیر خزانہ کی گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں 45 منٹ کی تاخیر سے تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا۔ اور سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر بلوچستان اسمبلی کے ایجنڈے کی کارروائی موخر کرتے ہوئے اسپیکر نے اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کر دیا اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے اسپیکر سے استدعا کہ سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے ایصال ثواب کیلئے ایوان میں فاتحہ خوانی کرائی جائے جس پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی۔ علاوہ ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی، پرنس آغا عمر احمد زئی، علی مدد جتک ودیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

بسم اللہ خان کاکڑ مخلص اور وفادار سیاسی کارکن تھے، علی مدد جتک

مرحوم کا انتقال پارٹی و بلوچستان کی سیاست کیلئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صوبائی جنرل سیکرٹری اور سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ مرحوم بسم اللہ خان کاکڑ کی سیاسی و سماجی ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بسم اللہ خان کاکڑ سچے وبااصول رہنماء تھے، اصغر خان اچکزئی

ماما قدیر بلوچ کی لاپتہ افراد کیلئے جدوجہد ناقابل فراموش ہے خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے ممتاز قوم دوست وطن دوست سیاسی رہنماء بسم اللہ خان کاکڑ کی رحلت پر گہرے رنج و غم اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم کی وفات سے مجموعی ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے موجودہ سیشن کے اختتام پر بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کا جاری اجلاس مورخہ 22 دسمبر بروز سوموار کو ملتوی کر دیا ہے۔

بسم اللہ خان کاکڑ اصول پسند سیاستدان تھے، نواب زہری

مرحوم کی بلوچستان پیپلز پارٹی کیلئے گرانقدر سیاسی اور سماجی خدمات ہیں، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ بسم اللہ خان کاکڑ ایک سلجھے ہوئے، بردبار اور اصول پسند سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی سیاست میں اعلیٰ اقدار اور روایات کو فروغ دینے میں گزاری۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی بلوچستان بالخصوص پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے گرانقدر سیاسی اور سماجی خدمات ہیں جنہیں ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

نسیم الرحمان ملاخیل کا وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے کزن قبائلی وسیاسی رہنماء بگٹی قبیلے کے چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے تعزیتی بیان میں نسیم الرحمان خان ملاخیل نے لواحقین سے دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا

رکنیت سازی مہم میں ورکروں کی محنت قابل ستائش ہے، قاری مہراللہ

جمعیت علماء اسلام نظریاتی ملک میں سیاسی جدوجہد کررہی ہے، صوبائی کنونیئر

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنونیئر مولانا قاری مہراللہ نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کی رکنیت سازی کامیابی کے ساتھ اختتام کو پہنچ چکی رکنیت سازی مہم کی کامیابی میں ورکروں کی محنت قابل ستائش ہے رکنیت سازی کی کاپیاں جمع ہونے کے بعد جلد تنظیم سازی کا عمل شروع کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ جماعتی ذمہ داران کے ساتھ ہر ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بینک میں داخل ہو کر مسلح افراد کروڑوں روپے لوٹ کر فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی میں نامعلوم مسلح ڈاکو گزشتہ شب بینک سے کروڑوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس نے ایک شخص کو حراست میں لیکر تحقیقات شروع کر دی پولیس کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی میں واقع ایم سی بی بینک میں گزشتہ شب 5 نامعلوم مسلح ڈاکو داخل ہوئے اور اسلحے کے زور پر سیکورٹی گارڈ کو یرغمال بنا کر بینک سے کروڑوں روپے کی نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا

انفارمیشن سسٹم کمیٹی کے امور میں کردار ادا کر رہا ہے، علی اصغر ترین

یورپی یونین کے وفد کا دورہ بلوچستان اسمبلی چیئرمین پی اے سی سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) منظم پارلیمان پراجیکٹ آف یورپی یونین کے ایک وفد نے بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کا دورہ کیا، جہاں وفد کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور اس کے منفرد سافٹ ویئر سسٹم (PACIS) سے متعلق بریفنگ دی گئی یہ سافٹ ویئر اس وقت پاکستان میں اپنی نوعیت کا واحد فعال نظام ہے۔ جو کہ ایک پیپر لیس نظام ہے وفد کو چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین نے کمیٹی کے افسران اور عملے کے ہمراہ تفصیلی بریفنگ دی۔ منظم ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

مریم نواز کے صاحبزادے جنید صفدر کی شادی کی تیاریاں

دونوں فیملیز کی ملاقات ہوئی جس میں جنید صفدر کیلئے شانزے کو پسند کیا گیا



لاہور (م ڈ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے صاحبزادے جنید صفدر کی شادی کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق جنید صفدر کی بیٹی ن لیگی رہنما شیخ روحیل اصغر کی پوتی شانزے اصغر سے بات چیت طے ہو گئی ہے اور دونوں جلد از دواجی بندھن میں بندھ جائیں گے۔ واضح رہے کہ اس ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

دفاعی قوت کو دفاع کے اعتبار سے مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں سیاسی طاقت کے طور پر نہیں، فضل الرحمن

ہمیں 78 سال کی افغان پالیسی پر بات کرنی چاہیے، افغانستان کبھی بھی پاکستان دوست نہیں رہا، سربراہ جمعیت

اپنی روایات بچانے کے لیے ہم جدوجہد کر رہے ہیں، ایک دوسرے کو عزت دینا ہماری روایات ہیں، اظہار خیال

کراچی (م ڈ) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم دفاعی قوت کو دفاع کے لحاظ سے مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں سیاسی قوت کے طور پر نہیں، سیاسی قوت کے طور پر مضبوط ہونا دفاعی قوتوں کا نہیں عوام اور سیاست دانوں کا حق ہے، فلسطین فوج ہرگز نہ بھیجی جائے۔ یہ بات انہوں نے کراچی میں گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر سندھ نے فضل الرحمان کو اعزازی ڈگری سے نوازا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اپنی روایات بچانے کے لیے ہم جدوجہد کر رہے ہیں، ایک دوسرے کو عز ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ ٹریفک حادثے میں 6 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بولان مچھ کے قریب ٹریفک حادثہ 6 افراد زخمی ہو گئے زخمی ٹراما سینٹر مچھ منتقل دو کا تعلق ڈیرہ مراد جمالی سے ہے پولیس کے مطابق بولان کے علاقے مچھ کے قریب قومی شاہراہ پر کوئٹہ سے جیکب آباد جانے والی ویگن مخالف سمت سے آنے والی ٹرک سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں چھ افراد زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی زخمیوں کو فوری طور پر ٹراما سینٹر مچھ منتقل کر دیا گیا۔

نوابزادہ لشکری رئیسانی کا میر واکس کاکڑ سے نذر گل کاکڑ کی وفات پر اظہار افسوس، فاتحہ خوانی

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے حاجی محمد گل کاکڑ کے ان کے بھائی، حاجی محمد یاسین رئیسانی سے ان کے کزن، بلال کاکڑ سے انکے والد اور انجینئر میر واکس کاکڑ سے ان کے چچا نذر گل کاکڑ کی وفات پر گزشتہ روز ان کی رہائش گاہ جا کر پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر نوابزادہ میر بخش رئیسانی، حاجی محمد اکبر رئیسانی، محمد جاوید رئیسانی، حاجی ظفر احمد رئیسانی، ملک فاضل لہڑی، محمد شعیب رئیسانی، امیر حمزہ کاکڑ، حاجی حزیف رئیسانی، حاجی ظفر صدیق، حاجی اسماعیل بارزئی، حاجی اسماعیل ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سال 2025 میں بچھڑنے والے پاکستانی اداکار

سینئر اداکارہ عائشہ خان کی فلیٹ سے کئی روز پرانی لاش برآمد ہوئی



کراچی (م ڈ) سال 2025 تلخ اور شیریں یادوں کے ساتھ تیزی سے اپنے اختتام کی جانب گامزن ہے۔ یہ سال جہاں کئی اداکاروں کیلئے بہتر ثابت ہوا وہیں متعدد ایسے روشن ستارے تھے جو ہمیشہ کیلئے مداحوں سے بچھڑ کر منوں مٹی تلے سو گئے۔ رواں سال پاکستانی شوبز انڈسٹری کے بچھڑنے والے اداکاروں ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

تمام سیاسی جماعتیں اپنی تیاری مکمل کر کے ہمارا مقابلہ کریں، زرک مندوخیل

بلدیاتی الیکشن ہماری جماعت کی بھی خواہش کیونکہ اس کے بغیر جمہوریت نامکمل ہے، رکن اسمبلی

قومی خزانے کو نقصان سے بچانے کیلئے 8 ماہ بعد الیکشن کرائے جائیں، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات ملتوی کرنے کیا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم نے تیاری نہیں کی بلکہ عوام ہمارے ساتھ ہیں موسم کی خرابی اور کم وقت کیلئے اتنا خرچہ کرنا قومی خزانے کے ساتھ ظلم ہے مقررہ وقت کے بعد تمام جماعتیں تیاری کے ساتھ آکر ہمارے ساتھ مقابلہ کریں انشاء اللہ جیت ہماری ہوگی یہ بات انہوں نے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ یہ تاثر غلط ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

وڈیرہ شریف بگٹی کا انتقال قبائل کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، نور محمد دمڑ

بسم اللہ خان کاکڑ عوام دوست سیاسی رہنماء، انکی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے بگٹی اقوام کے چیف، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے کزن، ممتاز قبائلی رہنماء وڈیرہ محمد شریف بگٹی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر خوراک ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ کی بھرتیوں میں اسکینڈل پر اینٹی کرپشن متحرک، ریکارڈ ضبط

ایس بی کے ویمن یونیورسٹی کی ساجدہ نورین، ڈی ڈی ضمیر احمد اور ڈی ایس پی چیئرمین فیصل کاکڑ طلب

600 میں فیل طالبات کو پاس اور اربوں روپے کرپشن کے الزامات عائد ہیں

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں سرکاری اسکولز میں اساتذہ کی بھرتیوں کے اسکینڈل میں اینٹی کرپشن بلوچستان نے کارروائی شروع کر دی ہے۔ محکمہ کرپشن ٹیم نے شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن اور دیگر ملحقہ علاقوں میں نجی دفاتر اور اداروں پر چھاپے مار کر اہم ریکارڈ ضبط کیا۔ خیال رہے کہ اساتذہ کی تقرریوں کے ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

حکوم، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ان کے کزن وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر مختلف شخصیات تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ صحت کے اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دالبندین، پولیس کی کارروائی میں 20 کلو چرس برآمد

ملزم زبیر احمد گرفتار، پولیس نے حراست میں لے کر مقدمہ درج کر لیا، مزید تفتیش جاری

دالبندین (نامہ نگار) پولیس کی کامیاب کارروائی، منشیات برآمد چاغی پولیس نے خفیہ اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ ایس پی چاغی کے مطابق پولیس کو گزشتہ روز مصدقہ اطلاعات موصول ہوئی تھیں کہ علاقے میں منشیات کی اسمگلنگ کی جا رہی ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری طور پر کارروائی کا ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ داخلہ بلوچستان میں پہلا آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) سیل قائم

اے آئی سیل بلوچستان انٹیگریٹڈ سیکورٹی آرکیٹیکچر اور دیگر مجاز ذرائع سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کا تجزیہ کرے گا

بلوچستان حکومت کو حکومت کوئی بھی ناخوشگوار واقعے ہونے سے قبل حفاظتی اقدامات اٹھانے میں مدد ملے گی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں امن وامان کو مزید موثر بنانے اور سیکورٹی سے متعلق فیصلوں کو بہتر بنانے کے لیے محکمہ داخلہ کے ڈپٹی سیکرٹری فضل الرحمن کبدانی کو انچارج اے آئی سیل مقرر کیا گیا ہے۔ جو فوری طور پر اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی جانب سے آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) سیل قائم کر دیا ہے۔ اس مقصد کے لیے محکمہ داخلہ میں پہلا جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ اے آئی سیل بلوچستان انٹیگریٹڈ سیکورٹی آرکیٹیکچر (BISA) اور دیگر مجاز ذرائع سے حاصل ہونے والے ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ، پنجاب پراپرٹی اونرشپ آرڈیننس پر عملدرآمد معطل

کسی نے جاتی امراء کے خلاف نے درخواست دی تو ڈی سی اس کے حق میں بھی فیصلہ کر سکتا ہے

عدالتی سپرمیسی ختم کر دی، آپ کا بس چلتا تو آئین کو بھی معطل کر دیتے، جسٹس عالیہ نیلم

لاہور (یوورپورٹ) لاہور ہائی کورٹ نے پنجاب پراپرٹی اونرشپ آرڈیننس کے خلاف درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے آرڈیننس پر عملدرآمد روک دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے عابدہ پروین سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت عالیہ نے تمام درخواستوں پر اعتراضات دور کر کے فل بنچ بنانے کی ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

مسلح افواج ملکی دفاع اور خودمختاری کیلئے دن رات کوشاں ہیں، بلاول بھٹو

بھارت کے خلاف ہماری فتح صرف فوجی نہیں بلکہ اخلاقی بھی تھی، پاکستان کی خدمت کرنا ہم سب کی اولین ترجیح ہے، چیئرمین

نوجوان ہی مستقبل میں قوم کی قیادت سنبھالیں گے، تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، کیڈٹ کالج پٹارو میں خطاب

جامشورو (م ڈ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔ مسلح افواج ملکی دفاع کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جامشورو کیڈٹ کالج پٹارو میں سالانہ پیرنٹس ڈے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیڈٹ کالج پٹارو میں خطاب کرنا ان کے لیے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے نے نہ صرف تعلیمی میدان میں بہترین کارکردگی دکھائی ہے۔ بلکہ نوجوانوں کی کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نوابزادہ میر لشکری رئیسانی، حاجی محمد گل کاکڑ سے ان کے بھائی، حاجی محمد یاسین رئیسانی سے ان کے کزن نذر گل کاکڑ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نورالدین کاکڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ندا خان، مولانا محمد ایوب ودیگر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

طلبہ وخواتین کو روزگار فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

ہمارا مقصد خواتین وطالبات کو خود کفیل بنانے کیساتھ انکی اخلاقی تربیت کرنا ہے تاکہ وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں، امیر جماعت اسلامی

بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت، باہمت، جفاکش اور محب وطن ہیں، رکن صوبائی اسمبلی کا خواتین کیلئے کمپیوٹر لیب افتتاح کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں الخدمت بنو قابل پروگرام کے تحت خواتین کے لئے کمپیوٹر لیب کے افتتاح امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے کیا انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد خواتین وطالبات کو معاشی طور پر خود کفیل بنانا اور ان کی اخلاقی تربیت کرنا ہے تاکہ وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوں الخدمت فاؤنڈیشن جماعت اسلامی نوجوانوں طلباء طالبات اور خواتین کی تربیت کیساتھ ہنرمند بنا کر باعزت روزگار دینے کیلئے عملی کام کر رہی ہے بلوچستان میں نوجوانوں وعوام کا ایک بڑا مسئلہ روزگار باعزت کاروبار کا ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

میر صادق عمرانی کا بسم اللہ کاکڑ اور وڈیرہ شریف بگٹی کے انتقال پر اظہار افسوس

بلوچستان کے عوام معتبر سیاسی رہنماؤں سے محروم ہو گئے، صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے کزن قبائلی و سیاسی رہنماء اور بگٹی قبیلے کے چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء و سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی، جمعیت، پشتونخوا نیپ کا اتحاد، پی بی 41 میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ مکمل

29 وارڈز کا فیصلہ کر لیا عوام 28 دسمبر کو سہ جماعتی اتحاد کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، رہنماؤں کی اپیل

تینوں سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے ملکر بلدیاتی انتخابات میں امیدواروں کی کامیابی یقینی بنانے کا عہد کیا

نورالدین کاکڑ، ندا سنگر، مولانا محمد ایوب ایوبی، عبدالرزاق بڑیچ، مولانا عبداللہ مسلم ودیگر کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی، جمعیت علماء اسلام اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے درمیان بلدیاتی انتخابات کیلئے حلقہ پی بی 41 کے 29 وارڈز میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ مکمل تینوں سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے ملکر بلدیاتی انتخابات میں امیدواروں کی کامیابی یقینی بنانے کا عہد کیا ہے یہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سیکرٹریٹ سرکی روڈ پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء نورالدین کاکڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ندا خان سنگر، جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا محمد ایوب ایوبی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبا ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ماں اور بیٹا قتل

نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی عدالت روڈ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ماں اور بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار دیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود عدالت روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے تبو ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سردار اللہ داد کبزئی ملاقات کر رہے ہیں

عثمان ہادی کو گولی مارنے والے ملزم کی شناخت ہو گئی

ڈھاکہ (م ڈ) بنگلادیش پولیس کی ابتدائی تفتیش میں شواہد سامنے آ گئے پر طلبا رہنما عثمان ہادی کو قتل کرنے والے مرکزی ملزم کی شناخت کر لی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق بنگلادیش پولیس نے عدالت میں مرکزی ملزم کے طور پر فیصل کریم مسعود کو ظاہر کر دیا۔ پولیس نے چارج شیٹ میں فیصل کریم مسعود کو شوٹر جب کہ ایک اور شخص عالمگیر شیخ کو سہولت کار کے طور پر نامزد کیا ہے۔ پولیس کی جانب سے پیش کیے گئے

پی ٹی وی 10 ہزار ملازمین کے ساتھ نہیں چل سکتا، عطاء اللہ تارڑ

یا تو یہ مافیا رہے گا یا میں، قائمہ کمیٹی اطلاعات ونشریات کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی اطلاعات ونشریات کے اجلاس میں پی ٹی وی اور دیگر اداروں کے سربراہان کی تقریروں میں تاخیر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا، سرکاری ٹی وی کے معاملات پر سوالات کی بوچھاڑ کر دی گئی۔ وزیر اطلاعات ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کی قیمت، وزیراعظم کی وزیر توانائی کو اہم ہدایات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم نے وزیر پاور ڈویژن کو بجلی کے ویلنگ چارجز کو مناسب سطح پر لانے کے لیے اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت معاشی ترقی کے لیے توانائی کے شعبے کے حوالے سے تشکیل دی گئی نجی شعبے کی ورکنگ گروپ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی نیشنل پارٹی کے لیڈر و رکن صوبائی اسمبلی زمرک اچکزئی سے سلمہ کاکڑ بجت کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

ہماری سیاست کا محور بلوچستان کی پسماندگی کا خاتمہ ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

نوجوانوں کے ہاتھوں بندوق کی بجائے قلم و انہیں ہنرمند بنانا اولین ترجیح ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ان کی سیاست کا محور بلوچستان کی ترقی، پسماندگی کا خاتمہ اور صوبے کے نوجوانوں کے لئے روشن مستقبل کی تعمیر ہے۔ انہوں نے یہ بات خبر رساں ادارہ یونیورسل نیوز ایجنسی کے نمائندہ انور حسین بولانی سے گفتگو میں کہی۔ نوابزادہ میر جمال خا ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بسم اللہ خان کاکڑ مدبر اور عوام دوست سیاسی رہنماء تھے، بخت محمد کاکڑ

مرحوم کی سیاسی، سماجی اور تنظیمی خدمات ناقابل فراموش ہیں، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق جنرل سیکرٹری اور سابق صوبائی وزیر بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بسم ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ماسکو: روسی جنرل کار میں نصب بم دھماکے میں ہلاک

ماسکو (م ڈ) روس کے دارالحکومت ماسکو میں ایک دھماکے کے نتیجے میں روسی فوج کے لیفٹیننٹ جنرل فانل سارواروف ہلاک ہو گئے۔ روس کی تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق دھماکہ پیر کی صبح ایک کار کے نیچے نصب بم پھٹنے سے ہوا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق روس کی تحقیقاتی کمیٹی نے بتایا ہے کہ فانل سارواروف روسی مسلح افواج کے آپریشنل ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دھماکے کے ایک ممکنہ پہلو کے طور پر یوکرینی انٹیلی جنس سروسز کے ملوث ہونے کا امکان زیر غور ہے

آکشن والے نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی سے گریزاں ہیں، ایچ ڈی پی

کونسلر کی سیٹ نہ جیتنے والوں کو قومی و صوبائی نشستوں پر منتخب کر کے عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالا گیا، قادر نائل

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سابق رکن صوبائی اسمبلی قادر نائل نے بلدیاتی انتخابات کو ملتوی کرنے کے حکومتی اوچھے ہتھکنڈوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے برسر اقتدار طبقہ کوئٹہ کے عوام کو ایک مرتبہ پھر حق حکمرانی سے محروم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ بلدیاتی انتخابات سیاسی ترسری کا درجہ رکھتی ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بارکھان، بچے پر مبینہ تشدد، ملزم گرفتار، مدرسہ بلیک لسٹ

ڈی سی عبداللہ کھوسہ اور ایس پی ڈاکٹر سعد آفریدی نے واقعہ کا فوری نوٹس لے لیا

بارکھان (خ ن) بارکھان سٹی سوکین میں بچے پر معصوم بچے پر مبینہ تشدد کے افسوسناک واقعہ پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی فوری ایکشن، ملزم گرفتار، مدرسہ بلیک لسٹ، بارکھان کے علاقے سٹی سوکین میں ایک پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ زرغون روڈ انسا کیمپس، بنو قابل خواتین کمپیوٹر لیب کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

اسلام آباد ڈاگ سینٹر سے 60 کتے چوری، خاتون سمیت 7 افراد پر مقدمہ

اسلام آباد (یوورپورٹ) سی ڈی اے کے ترلائی میں واقع ڈاگ سینٹر میں زبردستی داخل ہونے کے واقعے پر مقدمہ درج کرا لیا گیا ہے، جس میں ایک خاتون، ڈاگ سینٹر کے سپروائزر سمیت 7 افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ ڈاگ سینٹر کے سیکورٹی گارڈ کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے، جس میں ملزمان پر کار سرکار میں مداخلت اور چوری کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔

آج جمعیت ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام کونسلرز کنونشن منعقد ہوگا

کنونشن سے صوبائی امیر جمعیت سینیٹر مولانا عبدالواسع بطور مہمان خصوصی خطاب کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ آج 23 دسمبر بروز منگل جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام عظیم الشان کونسلرز کنونشن منعقد ہوگا کنونشن میرج ہال، لنک سنٹرل روڈ پر منعقد کیا جائے گا، جس میں صوبائی امیر ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

جو ملزم 5 سال مفرور رہا، وہ دو ماہ جیل میں کیوں نہیں رہ سکتا؟ جسٹس نعیم اختر

اسلام آباد (یوورپورٹ) سپریم کورٹ نے پانچ سال تک مفرور رہنے والے قتل کے ملزم کی درخواست ضمانت مسترد کر دی۔ جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی جس دوران سپریم کورٹ آف پاکستان نے مانسہرہ میں قتل اور اقدام قتل کے ملزم اورنگزیب کی درخواست ضمانت واپس لینے کی بنیاد پر مسترد کر دی۔ ملزم کے وکیل نے پوسٹ مارٹم رپورٹ اور سائٹ پلان میں تضاد کا موقف اپنایا تاہم عدالت نے ملزم کے طویل عرصے تک روپوش رہنے پر ریمارکس دیے۔ سرکاری وکیل زاہد یوسف نے عدالت کو بتایا

پاک افغان کشیدگی کے باعث سرحد بند، تاجروں کو اربوں کا نقصان

4 ہزار سے زائد تاجر و کارکن افغانستان میں پھنسے ہوئے ہیں، پشتون قومی جرگہ

چمن (یو این اے) پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کے باعث سرحد کی بندش سے تاجروں کو اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے جبکہ سینکڑوں پاکستانی تاجر اور کارکن افغانستان میں پھنسے ہوئے ہیں چمن میں پشتون قومی جرگہ کی جانب سے ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب خان نوشیروانی اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان میں اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے، محمد عبدالقادر

پہلی بارش کے دوران پاور شٹ ڈاؤن نے عوام کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ شدید سردی کے موسم میں بھی صوبہ بلوچستان میں اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے جس کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس کے علاوہ موسم سرما ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایچ ڈی پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات قادر نائل، سیما ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک میں فسطائیت پر مبنی ایک ہائبرڈ پلس نظام مسلط ہے، پشتونخوا نیپ

وکلاء، برادری پر فرض وہ آئین و قانون کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی کے تحفظ کیلئے کردار ادا کرے، نصراللہ خان زیرے

اداروں کو کمزور و عوام کو بے اختیار بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کی نو منتخب کابینہ سے ملاقات میں گفتگو

وکلاء برادری ملک میں جاری غیر آئینی وغیر جمہوری صورتحال پر خاموش نہیں بیٹھے گی، نو منتخب صدر ایڈووکیٹ اورنگزیب خان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں فسطائیت پر مبنی ایک ہائبرڈ پلس نظام، یعنی ایک طرح کا دائمی مارشل لاء مسلط ہے، جس کے نتیجے میں آئین، قانون اور جمہوری اقدار کو مسلسل پامال کیا جا رہا ہے۔ ایسی سنگین صورتحال میں جہاں سیاسی جماعتوں پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہیں وکلاء برادری پر بھی یہ قومی و آئینی فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ آئین و قانون کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے موثر کردار ادا کرے ان خیالات کا اظہار انہوں ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات عوام کو بااختیار بنانے کا موثر ذریعہ ہیں، میر لیاقت لہڑی

عوام پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات عوام کو نچلی سطح پر بااختیار بنانے کا سب سے موثر ذریعہ ہیں عوام 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

2025، پاکستان ریلویز حادثات اور بدانتظامی سے دوچار رہا

دہشت گردی اور چلتی ٹرین پٹڑی سے اتر کر مین بوس ہونے کے واقعات ہوئے

لاہور (م ڈ) پاکستان ریلویز کو رواں سال حادثات اور سیلاب کی تباہ کاریوں کا سامنا رہا مسافروں کو جدید سفری سہولیات تو فراہم نہ ہو سکیں البتہ ریلوے اسٹیشن گی ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

آئین کی بالادستی کیلئے انقلابی تحریک ناگزیر ہے، مولانا قادر لونی

دعویداروں نے آئین کو پاؤں تلے روندا ڈالا سیاسی جماعتیں متحد اور میدان میں نکل کر تحریک کا آغاز کریں، مفتی شفیع الدین

جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جدوجہد میں ان کے ساتھ ہے، مرکزی امیر و جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین نے کہا کہ آئین کی بالادستی کیلئے انقلابی تحریک ناگزیر ہے سیاسی جماعتیں اتحاد و اتفاق کے ساتھ متحد ہو کر میدان میں نکل کر تحریک کا آغاز کریں آئین کی پاسداری کرنے کے دعویداروں نے آئین کو پاؤں تلے روندا ڈالا ملک مزید آئینی، سیاسی بحران کا متحمل نہیں انہوں نے کہا کہ طاقتور طبقے کے ملک کی سیاست کو یرغمال بنا رکھا ہے آئین کی بالادستی کی بجائے طاقتور طبقے کا راج ہے ملک پر کڑا وقت ہے آج ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر